لجنہ اماء اللہ

زینب

ناروے

اکتوبر نومبر دسمبر

۲۰۱۴ء

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

زینب

سہ ماہی

اکتوبر، نومبر اور دسمبر 2014ء

مجلسِ ادارت

سرپرستِ اعلیٰ مکرم زرتشت منیر احمد خان صاحب

امیر جماعت احمدیہ ناروے

زیرِ نگرانی مکرمہ سیّدہ بشریٰ خالد صاحبہ

صدر لجنہ اماء اللہ ناروے

مدیرہ حصّہ اردو، کتابت محترمہ منصورہ نصیر صاحبہ

مدیرہ حصّہ نارویجن محترمہ مہرین شاہد صاحبہ

نائبہ مدیرہ حصّہ نارویجن عزیزہ عندلیب انور

تقسیم واشاعت محترمہ منصورہ نصیر صاحبہ

پرنٹنگ محترمہ شمسہ خالد صاحبہ

پروف ریڈنگ: محترمہ طاہرہ زرتشت صاحبہ محترمہ سعیدہ نعیم صاحبہ

محترمہ لبنیٰ غزالہ صاحبہ

محترمہ طیبہ رضوان صاحبہ

شائع کردہ شعبہ اشاعت لجنہ اماء اللہ ناروے

Søren Bulls veien 1

1051 OslO

Tlf: +47 22322746

FAX: + 47 22320211

فہرست مضامین

اداریہ 2

القرآن الکریم 3

حدیث نبوی ﷺ

پیغام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز 5
بر موقع سالانہ اجتماع لجنہ اماء اللہ 15-16 نومبر 2014ء

خود نیک بنو تا تمہاری اولادیں بھی نیک ہوں 6

جماعتِ احمدیہ اور خدمتِ خلق 11

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ غیروں کی نظر میں 17

نظم 19

سیرت حضرت اُمِّ وسیم صاحبہ 20

تعارف کتاب حضرت مسیح موعودؑ (حقیقۃ الوحی) 25

نظم 26

خلیفۃ المسیح کی لجنہ اور عہدیداروں کو اہم نصائح 27

معلوماتی 29

صحت کارنر 31

دعائیہ اعلانات 32

پکوان 33

اردو زبان کی اہمیت 34

لجنہ اردو صفحہ 36

انٹرویو مبائعین 37

سالانہ اجتماع لجنہ اماء اللہ و ناصرات 42

ناصرات کا صفحہ (شمسہ خالد اور مدیحہ محمود) 43

اداریہ:

لجنہ اماء اللہ ناروے کے سالانہ اجتماع مُنعقدہ مؤرخہ 15 اور 16 نومبر 2014ء کے موقعہ پر حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے جو پیغام اَرسال فرمایا ہے اُس میں اِس اَمر کی تاکید فرمائی گئی ہے کہ احمدی مائیں اور بچیاں اپنے آپ کو اِس معاشرہ کی بُرائیوں سے بچائیں اور اسلامی تعلیمات کے مطابق زندگی بسر کریں۔ حُضور نے ایک دفعہ پھر لباس اور پردہ کی تاکید کی ہے۔

''ہم نے حضرت اِمام مہدی علیہ السلام کی بیعت کی ہے اور یہ وعدہ کیا ہے کہ ہم دس شرائط پر **کماحقّہٗ** عمل کرنے کی کوشش کریں گے۔ بیعت کی شرط نمبر 6 میں ہم یہ عہد کرتے ہیں کہ ''قرآنِ شریف کی حکومت کو **بکلّی** اپنے سر پر قبول کرے گا۔''

قرآنِ کریم میں خصوصیّت کے ساتھ پردے کا حکم نازل ہوا ہے۔ اور یہ اسلامی پردہ ہی ہے جو عورت کی عزّت اور وقار کو قائم کرتا ہے۔

قرآنِ کریم میں خُدا تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ جو پردہ کے حکم پر عمل کریں گے وہ خُدا تعالیٰ سے فلاح پانے والے ہیں۔ اور فلاح کے معانی ہیں ترقی و کامیابی، خوشی، سکون، سلامتی اور حفاظت۔ گویا پردہ کے نتیجے میں ہم ان تمام انعامات کے وارث بنتے ہیں۔

نارویجن معاشرے میں پردہ کو حقارت کی نظر سے دیکھا جاتا ہے۔ اور اِسے عورت پر ظلم قرار دیا جاتا ہے۔ اِن حالات میں اللہ تعالیٰ کے حکم کی فرمانبرداری ہمیں اُس کے خاص فضلوں اور انعامات کی مستحق بنا دیتی ہے۔

ہم سب ممبراتِ لجنہ اِماء اللہ کا یہ فرض ہے کہ یہاں نارویجن معاشرہ میں اُٹھنے والے اِس اِلزام کا تدارک کریں کہ اسلام عورتوں پر سختی اور ظلم کی تعلیم دیتا ہے۔ اِس معاشرے میں بے دینی اور بے حیائی کا مقابلہ ہم اس طریقہ سے کر سکتے ہیں۔

1۔ کہ اپنے آپ کو قرآنِ کریم کے تمام احکامات کے تابع کریں۔ لباس اور پردہ کا خیال رکھیں۔ اور اپنی بچیوں کو بھی اس پر عمل کرنے کی تلقین کرتی رہیں۔

2۔ اُنہیں نمازوں کا پابند بنائیں۔ قرآن کریم پڑھنا سیکھائیں اور روزانہ تلاوت کی عادت ڈالیں۔ اِسی طرح اُنہیں تلقین کریں کہ وہ خلیفۂ وقت کو دُعا کے لئے خطوط بھی لکھیں۔ اُن کی ایسی تربیت کریں کہ وہ جماعتی خدمت کے کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصّہ لیں۔

اگر ہم اپنے پیارے آقا کی ان نصائح پر عمل کرنے کی کوشش کریں تو ہماری لجنہ میں ایک نمایاں انقلاب کی صورت پیدا ہو جائے گی۔ اور ہمارا عملی نمونہ نہ صرف اپنی اصلاح کا موجِب ہوگا بلکہ دوسروں کے لئے بھی حقیقی راہنمائی اور ہدایت کا باعث ہوگا۔

اللہ تعالیٰ ہمیں ان تمام نیکیوں کو اَپنانے اور اپنی حالتوں کو سنوارنے کی توفیق عطا فرمائے۔ نیز اپنے خاص فضلوں اور انعامات کا وارث بنائے۔ آمین ثم آمین

القرآن الکریم

سورۃ آل عمران

كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ
تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ
الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ؕ وَلَوْ اٰمَنَ اَهْلُ
الْكِتٰبِ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ؕ مِنْهُمُ
الْمُؤْمِنُوْنَ وَاَكْثَرُهُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿١١١﴾
يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَاْمُرُوْنَ
بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ
وَيُسَارِعُوْنَ فِى الْخَيْرٰتِ ؕ وَاُولٰٓئِكَ مِنَ
الصّٰلِحِيْنَ ﴿١١٥﴾
وَمَا يَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَلَنْ يُّكْفَرُوْهُ ؕ
وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالْمُتَّقِيْنَ ﴿١١٦﴾

۱۱۱۔ تم بہترین اُمّت ہو جو تمام انسانوں کے فائدہ کے لئے نکالی گئی ہو۔ تم اچھی باتوں کا حکم دیتے ہو اور بری باتوں سے روکتے ہو اور اللہ پر ایمان لاتے ہو۔ اور اگر اہل کتاب بھی ایمان لے آتے تو یہ ان کے لئے بہت بہتر ہوتا۔ ان میں مومن بھی ہیں مگر اکثر ان میں سے فاسق لوگ ہیں۔

۱۱۵۔ وہ اللہ پر ایمان لاتے ہیں اور یومِ آخر پر اور اچھی باتوں کا حکم دیتے ہیں اور بری باتوں سے روکتے ہیں اور نیکیوں میں ایک دوسرے سے سبقت لے جانے کی کوشش کرتے ہیں۔ اور یہی ہیں وہ جو صالحین میں سے ہیں۔

۱۱۶۔ اور جو نیکی بھی وہ کریں گے تو ہرگز اُن سے اس کے بارہ میں ناشکری کا سلوک نہیں کیا جائے گا۔ اور اللہ متقیوں کو خوب جانتا ہے۔

(یہ ترجمہ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع حضرت مرزا طاہر احمدؒ کے ترجمہ سے لیا گیا ہے۔)

حدیث نبوی ﷺ

حضرت حذیفہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا: قسم ہے اُس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے، یا تو تم نیکی کا حکم دو اور بُرائی سے روکو، ورنہ قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ تمہیں سخت عذاب سے دوچار کرے گا۔ پھر تم دُعائیں کرو گے لیکن وہ قبول نہیں کی جائیں گی۔ (حدیقۃ الصالحین صفحہ 131)

کلام الامام

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں:۔

''اس جماعت کو تیار کرنے سے غرض یہی ہے کہ زبان، کان، آنکھ اور ہر ایک عضو میں تقویٰ سرایت کر جاوے۔ تقویٰ کا نور اس کے اندر اور باہر ہو۔ اخلاقِ حسنہ کا اعلیٰ نمونہ ہو اور بے جا غصہ اور غضب وغیرہ بالکل نہ ہو..... ہر ایک جماعت کی اصلاح اوّل اخلاق سے شروع ہوا کرتی ہے۔ چاہئے کہ ابتدا میں صبر سے تربیت میں ترقی کرے اور سب سے عمدہ ترکیب یہ ہے کہ اگر کوئی بدگوئی کرے تو اُس کے لیے دردِ دل سے دُعا کرے کہ اللہ تعالیٰ اس کی اصلاح کر دیوے اور دل میں کینہ کو ہرگز نہ بڑھاوے..... خدا تعالیٰ ہرگز پسند نہیں کرتا کہ حلم اور صبر اور عفو جو کہ عمدہ صفات ہیں ان کی جگہ درندگی ہو۔ اگر تم ان صفاتِ حسنہ میں ترقی کرو گے تو بہت جلد خدا تک پہنچ جاؤ گے۔ لیکن مجھے افسوس ہے کہ جماعت کا ایک حصّہ ابھی تک ان اخلاق میں کمزور ہے۔ ان باتوں سے صرف شماتتِ اعداء ہی نہیں بلکہ ایسے لوگ خود بھی قرب کے مقام سے گرائے جاتے ہیں۔'' (ملفوظات جلد چہارم صفحہ 99)

وَاجْعَلْ لِّي مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطَانًا نَّصِيرًا
إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِينًا
وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ وَّأَنْتُمْ أَذِلَّةٌ

امام جماعتِ احمدیہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّي عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ وَعَلٰى عَبْدِهِ الْمَسِيْحِ الْمَوْعُوْدِ

خدا کے فضل اور رحم کے ساتھ

هوالنّاصر

لندن

24-10-14

پیاری ممبرات لجنہ وناصرات ناروے!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مجھے یہ جان کر بہت خوشی ہوئی ہے کہ لجنہ اماء اللہ ناروے کو امسال بھی اپنا سالانہ اجتماع منعقد کرنے کی توفیق مل رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ اسے ہر لحاظ سے بابرکت بنائے اور اس کے بہترین نتائج پیدا فرمائے۔ آمین

مجھ سے اس موقعہ پر پیغام بھجوانے کی درخواست کی گئی ہے۔ میں آپ کو آپ کی ذمہ داریوں کی طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں۔

یہ دور سائنسی ایجادات کے عروج کا دور ہے۔ ٹی وی چینلوں کی بہتات ہے۔ انٹرنیٹ اور فون پر بے شمار لغو مشاغل ہیں جن میں بچے بھی اور بڑے بھی اپنے قیمتی اوقات ضائع کر دیتے ہیں۔ گھروں سے باہر نکلیں تو بے دینی اور بے حیائی عام ہے۔ یورپ کے معاشرے میں تو لباس بھی ایسے ہیں جن کے استعمال کی ہمارا پیارا دین اسلام ہرگز اجازت نہیں دیتا۔ ایسے حالات میں احمدی ماؤں اور بچیوں کی سب سے بڑی ذمہ داری یہی ہے کہ وہ اپنے آپ کو اور اپنی اولاد کو معاشرتی برائیوں سے بچائیں اور اسلامی تعلیمات اور اسلامی اقدار کے مطابق زندگی بسر کریں۔ مثلاً لجنات اپنے لباس اور پردے کا خیال رکھیں اور اپنی بچیوں کی بھی اس پہلو سے نگرانی کریں کہ ان کے لباس، چال چلن اور رجحانات پر احمدیت کی چھاپ نظر آنی چاہئے۔ جیسے جیسے بچیاں پردہ کی عمر کو پہنچیں ان سے پردہ کروائیں۔ اور انہیں معاشرے کی جدت پسندی کے نام پر یا غلط قسم کے فیشنوں سے ہرگز متاثر نہ ہونے دیں۔ آپ اپنے بچوں کو نمازوں کا پابند بنائیں۔ انہیں قرآن کریم پڑھنا سکھائیں اور تلاوت کی عادت ڈالیں۔ آپ انہیں ایم ٹی اے دکھایا کریں اور خلافت کی برکات سے آگاہ کیا کریں۔ اسی طرح انہیں خلیفۂ وقت کو دعائیہ خطوط لکھنا بھی سکھائیں اور جماعتی اجلاسات اور پروگراموں میں شامل کریں نیز ان کی ایسی تربیت کریں کہ وہ جماعتی خدمت کے کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔ آنحضور ﷺ نے تربیت اولاد کی خاص نصیحت فرمائی ہے۔ ایک حدیث میں آتا ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہر بچہ فطرت اسلامی پر پیدا ہوتا ہے۔ پھر اس کے ماں باپ یہودی یا نصرانی یا مجوسی بناتے ہیں۔

پس احمدی مائیں یاد رکھیں کہ تربیتِ اولاد ایک بہت بڑی ذمہ داری ہے جسے آپ نے نبھانا ہے۔ آپ نے نیک نمونہ اور تعلیم و تربیت سے اپنے بچوں کی بہترین پرورش کرنی ہے تاکہ وہ ہمیشہ دینی تعلیمات پر کاربند رہیں اور دینی اقدار کا خیال رکھیں۔ اور ناصرات الاحمدیہ بھی یہ سن لیں کہ آپ احمدی بچیاں ہیں۔ آپ نے اپنے لباس اور مشاغل، دوستیوں اور چال چلن کو اسلامی تعلیمات کے مطابق رکھنا ہے اور معاشرے کے بداثرات کو ہرگز قبول نہیں کرنا۔ اللہ تعالیٰ آپ سب کو ان نصائح پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

والسلام

خاکسار

خلیفۃ المسیح الخامس

خود نیک بنو تا تمہاری اولادیں بھی نیک ہوں

سیّدہ بشریٰ خالد مجلس ہولملیا

نیک اولاد کے لئے نیک والدین کی ضرورت ہوتی ہے اور ماں کی گود اولاد کی پہلی درس گاہ ہے جس سے بچہ سب کچھ سیکھتا ہے۔ شادیاں کرتے وقت رشتہ کے انتخاب کے لئے حضرت محمد ﷺ کی مندرجہ ذیل حدیث کو مدّنظر رکھنا چاہئے۔

آپ ﷺ فرماتے ہیں کہ ”تم دین دار اور با اخلاق رفیقۂ حیات چن کر اپنی زندگی کو کامیاب بنانے کی کوشش کرو ورنہ تمہارے ہاتھ ہمیشہ خاک آلودر ہیں گے۔“ (بخاری)

خوب سے خوب تر کی تلاش نے آجکل رشتوں میں بے چینی پیدا کر دی ہے۔ اللہ پر توکل کی کمی، بے صبری کا مظاہرہ، ماں باپ کی بے جا مداخلت، ادب واحترام میں کمی، ایک اچھی ماں بننے سے پہلے ہی عورت ذہنی دباؤ کا شکار ہو جاتی ہے۔ خواہ بیٹے ہوں یا بیٹیاں دونوں کے لئے نیک جیون ساتھی کی بہت دُعائیں کرنی چاہیں۔ **حضرت میر ناصر صاحبؓ جو حضرت اماں جانؓ کے والد صاحب** تھے وہ یہ دُعا کیا کرتے تھے جو درج ذیل ہے۔

”میں ہمیشہ دُعا مانگا کرتا تھا کہ میرا مربی محسن مجھے کوئی نیک اور صالح داماد عطا کرے اور یہ دُعا میں نے بار بار اللہ تعالیٰ کی جناب میں کی کہ آخر قبول ہو گئی، اور مجھے ایسا بزرگ صالح، متقی، خدا کا مسیح ومہدی نبی اللہ و رسول اللہ خاتم الخلفاء اللہ تعالیٰ نے داماد عطا کیا۔ جس پر لوگ رشک کریں تو بجا ہے اور میں اگر اس پر فخر کروں تو کچھ بے جا نہ ہوگا۔“

(حیات ناصر، ص 78)

آج کل جو صورتِ حال ہے اس کو دیکھتے ہوئے

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ فرماتے ہیں ”کہ بعض دفعہ احمدی لڑکے غیر احمدی لڑکیوں سے شادی کر لیتے ہیں اور دلیل یہ دیتے ہیں کہ اہلِ کتاب سے شادی جائز رکھی گئی ہے۔ مگر قرآن کریم کی ان آیات کو بھول جاتے ہیں جن میں اہلِ کتاب کو مشرکوں کے ساتھ شامل کیا گیا ہے۔ لہٰذا جب وہ غیر مسلموں سے شادی کر لیتے ہیں تو پھر چند سالوں بعد یہ احساس ہوتا ہے کہ یہ غلطی ہوئی ہے۔ اس کے مُضر اثرات اولاد اور خود اپنے پر دیکھتے ہیں تو پھر اپنی روشن خیالی پر نادم ہوتے ہیں جو دراصل تاریک خیالی ہے لیکن اُس وقت تک بہت نقصان ہو چکا ہوتا ہے۔ اسی طرح بعض لڑکیاں جو اپنی آزادانہ اور بے حجابانہ روش کے نتیجہ میں غیر احمدی اور غیر مسلم لڑکوں سے شادی کر لیتی ہیں اور وہ لڑکا احمدیت قبول بھی کر لیتا ہے تو بھی بہت سی مشکلات کا شکار ہو جاتی ہیں۔ اُن کا خاندان بھی مشکلات میں پڑ جاتا ہے۔ اگرچہ شروع شروع میں بعض والدین اس بات پر زیادہ توجہ نہیں دیتے مگر آہستہ آہستہ اُن کی اولاد احمدیت سے دور ہونی شروع ہو جاتی ہے اور وہ خود بھی شرمندگی کے احساس سے جماعت میں آنا جانا کم کر دیتے ہیں اور پھر بہت دور چلے جاتے ہیں تب اُنہیں اپنی غلطی کا احساس ہوتا ہے۔۔۔ تمام والدین کو رشتے طے کرتے وقت اسلامی تعلیم کو پیشِ نظر رکھنا چاہئے کہ خاندان، دولت، عزت ومرتبہ، کسی بھی چیز کو ترجیح نہ دو۔ صرف اور صرف تقویٰ اور نیکی کو دیکھو۔ دینی حالت کو دیکھو۔ اگر نیکی اور تقویٰ دیکھ کر رشتے طے کئے جائیں تو اللہ تعالیٰ برکت دے گا اور آئندہ نسلوں میں بھی نیکی قائم رہے گی۔ (الفضل انٹرنیشنل 18 تا 24 اگست)

اچھے اور نیک والدین اچھی اور نیک نسل کی ضمانت ہیں اور اس کی بنیادی شرط تقویٰ ہے اسی لئے خطبہ نکاح میں پانچ دفعہ تقویٰ کا ذکر آتا ہے **حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ نے تقویٰ** کی تعریف نہایت آسان الفاظ میں بیان فرمائی آپ فرماتے ہیں کہ ”ہر چھوٹی سے چھوٹی نیکی

تو بزرگوں اور عزیزوں سے اپنے لئے دعائیں کرایا کر۔

سے لیکر بڑی نیکی کو اپنانا اور ہر چھوٹی سی برائی سے بچنا تقویٰ ہے۔''

''آج جب کہ دنیا ضلالت اور گمراہی میں گری ہوئی ہے اللہ تعالیٰ نے اپنی سنت کے مطابق حضرت مسیح موعودؑ کو بنی نوع انسان کی ہدایت کے لئے بھیجا تا خدا تعالیٰ سے اس کے بندوں کا رشتہ پھر سے قائم ہو جائے اور جو جماعت حضرت مسیح موعودؑ نے تیار کی ہے اس کا دعویٰ ہے ہم اسلام کی تعلیم کو دُنیا میں پھیلائیں گے۔لہٰذا ہم سب کی ذمہ داری ہے کہ ہم اپنے تقویٰ کے معیار بلند کریں اور دُنیا کے لیے ہدایت کا موجب بنیں۔

جب ایک مومن مرد اور مومن عورت خود تقویٰ کی راہوں پر چلنے والے ہونگے تو وہ اپنی اولادوں کو بھی متقی بنانے والے ہونگے۔

حضرت مسیح موعودؑ فرماتے ہیں:۔

''حقیقی تقویٰ کے ساتھ جاہلیت جمع نہیں ہو سکتی۔حقیقی تقویٰ اپنے ساتھ ایک نور رکھتا ہے۔وہ نور تمہارے تمام افعال اور اقوال اور قویٰ اور حواس میں آجائے گا۔تمہاری عقل میں بھی نور ہو گا۔تمہاری ایک اٹکل کی بات میں بھی نور ہو گا۔تمہاری آنکھوں میں نور ہو گا اور تمہارے کانوں اور تمہاری زبانوں اور تمہارے بیانوں اور تمہاری ہر ایک حرکت وسکون میں نور ہوگا اور جن راہوں میں تم چلو گے وہ راہ نورانی ہو جائے گی۔'' (آئینہ کمالات اسلام 177.178)

جس گھر میں پنج وقتہ نماز با جماعت کا اہتمام ہو تو ایسی نسلیں کبھی ضائع نہیں جاتیں۔کیونکہ اللہ کا فرمان ہے کہ:۔ ''یقیناً نماز بدیوں اور بری باتوں سے روکتی ہے۔'' (سورۃ العنکبوت: آیت: 46)

حضرت مصلح موعودؓ نصیحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ:۔

''بے دین اور دین سے متنفر وہی بچہ ہو گا (الا ماشاء اللہ) جس کے والدین اس کے سامنے دین کا استخفاف کرتے ہوں۔ماں اگر نماز نہیں پڑھتی، نماز کے اوقات کا احترام ملحوظ نہیں رکھتی تو ضرور ہے کہ بیٹا بھی بڑا ہو کر ایسا ہی کرے۔جس بچے کے ماں باپ نمازی ہوں، میں نے اکثر دیکھا ہے کہ وہ باوجود کچھ نہ سمجھنے کے اسی طرح نماز کے وقت پر نماز کی رکعتیں پڑھتے ہیں۔یہ عادت ایسی مبارک ہے کہ جوانی میں آخر کام آتی ہے اور یہ ابتدائی بیج اپنے اندر ایسے خوش گوار ثمرات رکھتا ہے کہ بڑی عمر میں ڈھیروں روپیہ خرچ کرنے پر بھی حاصل نہیں ہوتا۔''

(الفضل 10.09.1913)

اللہ تعالیٰ نے **قرآنِ کریم** میں ہمیں ایک دعا سکھائی ہے:۔

''اور وہ لوگ جو یہ کہتے ہیں کہ اے ہمارے رب! ہمیں اپنے جیون ساتھیوں اور اپنی اولاد سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا کر اور ہمیں متقیوں کا امام بنادے۔'' (سورۃ الفرقان آیت:75)

جب ہم سب دعائیں کرتے ہوئے اپنی اولاد کی تربیت کریں گے تو خدا تعالیٰ لازماً سارے سامان بھی پیدا کرے گا۔

اولاد کی تربیت کے سلسلے میں **حضرت خلیفۃ المسیح الاولؓ فرماتے ہیں کہ**

''اولاد کی ایسی تربیت کرو کہ ان میں باہم اُخوّت، اتحاد، جرأت، خودداری، شریفانہ آزادی پیدا ہو۔ایک طرف انسان بناؤ دوسری طرف مسلمان۔'' (خطبات نور،ص :75)

تربیت اولاد کے متعلق مزید ان باتوں پر بھی خاص توجہ ہونی چاہیئے۔

''جب بچہ بولنا سیکھ رہا ہو تو اس بات کا خیال رکھنا چاہیئے کہ وہ بری باتیں خصوصاً گالیاں نہ سیکھے۔کسی بات پر ضد نہ کرے۔ماں باپ کا کہنا فوراً مان لے۔ضد کی نوبت ہی نہ آنے دیں۔لالچ نہ کرے۔اس کی خواہش اور ضرورت کے مطابق ہر چیز وقت پر مہیا کی جائے۔وقت مقررہ پہ کھانے کا عادی بنایا جائے راستہ چلتے نہ کھائے۔والدین بچوں کا ادب کریں اور ان کی عزت نفس کا خاص خیال رکھیں۔تاوہ بھی با ادب ہو۔مذاق میں بھی سچ کا دامن نہ چھوڑیں۔غلط بیانی سے وقتی طور پہ تو بچہ بہل جائے گا مگر اس کے نتائج بہت نقصان دہ ہوتے ہیں۔''

حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحبہؓ بچوں کی تربیت پہ گہری نظر رکھتیں تھیں۔

''آپ نماز اور تلاوت کی پابندی کرواتیں۔جھوٹ سے نفرت بچپن سے پیدا کر دیتیں۔کمرہ بند کر کے کھیلنے کی اجازت قطعاً نہیں تھی۔اچھی کتابیں اور رسالے کا انتخاب کرتیں۔بچوں پہ اعتماد بھی کرتیں اور کڑی نظر بھی رکھتیں۔بیٹیوں کو نصیحت کرتیں کہ لڑکی اور عورت کی عزت موتی

کی طرح ہوتی ہے۔اگر اس کی آب مٹ جائے تو کبھی واپس نہیں آتی۔تم میری عزت نہیں حضرت مسیح موعودؑ کی عزت ہو۔بچوں کو کہتیں کہ کبھی چھپ کے کسی کی بات نہیں سننی،کسی کا خط بغیر اجازت نہیں پڑھنا۔کسی سہیلی کو راز دار نہ بنانا،بچپن کی ناسمجھی ہوتی ہے مگر بعد میں شرمندگی اُٹھانی پڑتی ہے۔ماں باپ سے پوچھے بغیر کبھی کسی کاغذ پر دستخط نہ کرنا۔جو بات کوئی کہے کہ کسی کو نہ بتانا اُسے ماں کو ضرور بتانا۔اچھے نصیب کے لئے دُعا کرنا۔اپنے خرچ سے اپنا چندہ خود ادا کرنا۔''

(سیرۃ وسوانح سیدہ نواب مبارکہ بیگم صاحبہ: ص 237.242)

اگر ایک مومنہ قرآن مجید کی باقاعدہ تلاوت کرنے والی اور ان حکموں پہ عمل کرنے والی ہو تو وہ اپنے اور اپنی اولاد کے لئے صراطِ مستقیم کی راہیں کھول رہی ہوتی ہے۔

حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ:۔

''پس اللہ تعالیٰ کی رحمت کو جذب کرنے کے لئے اور فرشتوں کے حلقے میں آنے کے لئے ضروری ہے کہ ہم میں سے ہر ایک قرآن کریم پڑھے اور اس کو سمجھے،اپنے بچوں کو پڑھائیں اور انہیں تلقین کریں کہ وہ روزانہ تلاوت کریں۔اور یاد رکھیں کہ جب تک ان چیزوں پہ عمل کرنے کے ماں باپ کے اپنے نمونے بچوں کے سامنے قائم نہیں ہوں گے اس وقت تک بچوں پر اثر نہیں ہوگا،اس لئے فجر کی نماز کے لئے بھی اُٹھیں اور اس کے بعد تلاوت کے لئے اپنے پر فرض کریں کہ تلاوت کرنی ہے۔پھر نہ صرف تلاوت کرنی ہے بلکہ توجہ سے پڑھنا ہے اور پھر بچوں کی بھی نگرانی کریں کہ وہ بھی پڑھیں اور انہیں بھی پڑھائیں۔''

(خطبہ جمعہ 16.09.2005)

ہمیں یہ یاد رکھنا چاہیے کہ ہم قرآن کی تعلیم کو چھوڑ کر دینی یا دنیاوی کامیابیاں حاصل نہیں کر سکتے۔قرآنِ کریم زندگی کے ہر موڑ پر ہماری راہنمائی کرتا ہے۔اور قرآن کریم میں واضح ہدایات موجود ہیں۔جس میں حیاء، پاکدامنی اور پردہ کے بارے میں واضح راہنمائی موجود ہے۔لہذا حیاء، پاکدامنی، پردہ عورت کی شان اور اسکی حفاظت کا ضامن ہے۔اگر آج کی مائیں ان احکامات پر عمل نہ کریں گی تو وہ آئندہ نسلوں کے لیے کیسے نمونہ بن پائیں گی۔خالی نصیحت بے فائدہ ہوتی ہے جب تک عمل اس کے مطابق نہ ہو۔اور اس کا نقصان یہ ہوگا کہ نہ وہ خود دیندار رہیں گے اور نہ ہی وہ دین کے لیے فائدہ مند وجود بن سکیں گے اور یہ دینی اور قومی دونوں طرح کا نقصان ہے اس کا ازالہ ناممکن ہے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ ہمارے مستقبل کی فکر میں فرماتے ہیں کہ:۔

''اگلی نسلیں انتہائی خطرناک دور میں داخل ہونے والی ہیں۔ہر طرف بے حیائی کا دور دورہ ہے۔ہر طرف ایسے حالات پیدا ہو رہے ہیں کہ اگر آپ نے پردے کی خاص حفاظت نہ کی تو اتنے خطرناک حالات سے آپ کی اگلی نسلیں دوچار ہوں گی کہ آپ حسرت سے دیکھیں گی اور ان کو واپس نہیں لا سکیں گی۔آپ زندگی کے فیشن سے جس کا حضرت اقدس مسیح موعودؑ کے الہام میں ذکر ہے دور جا رہی ہیں اور جب آپ کو آپ کے فائدے کی خاطر روکا جاتا ہے تو جواب میں زخم لگا کر، چرکے لگا کر،اپنے دُکھ دوسروں میں منتقل کرنے کی کوشش کرتی ہیں۔''

(27دسمبر 1982 جلسہ گاہ مستورات)

یاد رکھیں خلافت کی اطاعت کے بغیر نہ اچھی ماں اور نہ اچھی نسلیں تیار ہوسکتی ہیں۔یہ ممکن ہی نہیں کہ ہمارے کسی عمل میں برکت پڑ جائے۔

اللہ تعالیٰ کامیاب مومنین سے مخاطب ہوتے ہوئے فرماتا ہے کہ:

''اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو،اللہ اور رسول کی آواز پہ لبیک کہا کرو۔جب وہ تمہیں بلائے تا کہ وہ تمہیں زندہ کرے اور جان لو کہ اللہ انسان اور اس کے دل کے درمیان حائل ہے اور یہ بھی جان لو کہ تم اسی کی طرف اکھٹے کئے جاؤ گے۔'' (سورۃ الانفال آیت:25)

حضرت مصلح موعودؓ خلافت کے تعلق کو بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ:۔

''خلافت کے تو یہ معنی ہیں کہ جس وقت خلیفہ کے منہ سے کوئی لفظ نکلے اُس وقت سب سکیموں، سب تجویزوں اور سب تدبیروں کو پھینک کر رکھ دیا جائے اور سمجھ لیا جائے کہ اب وہی سکیم، وہی تجویز اور وہی

تدبیر مفید ہے جس کا خلیفہ وقت کی طرف سے حکم ملا ہے۔ جب تک یہ روح جماعت میں پیدا نہ ہو اُس وقت تک سب خطبات رائیگاں، تمام سکیمیں باطل اور تمام تدبیریں ناکام ہیں۔''

(خطبہ جمعہ 24.01.36)

احمدیت کو اللہ نے ایسی عظیم مائیں عطا کی ہیں جو اپنی مثال آپ ہیں۔ جو خلافت کے ایک اشارے پر اپنا تن، من، دھن اور اولاد قربان کرنے سے گریز نہیں کرتیں۔ وہ بچپن سے اپنی اولاد میں خلافت کی محبت گھول دیتی ہیں۔

خلیفہ وقت اپنے خطبات جمعہ اور خطابات میں قیام نماز، دُعاؤں عبادتوں، تبلیغ، مالی قربانی، تربیتی امور، نظام اور عہدے دار کی اطاعت کے بارے میں بارہا توجہ دلاتے ہیں یہ سب باتیں ہماری بقا اور ترقی کا باعث ہیں۔ ہر مومنہ ماں سچے دل سے اس بات کا عہد کرے کہ نہ صرف خود بلکہ اپنی نسلوں کو بھی اس بابرکت نظام سے وابستہ کرے گی۔ خطبات و خطابات سننا ان پر عمل کرنا، خط لکھنا، ملاقات کرنا اور دعا کے ساتھ مستقل مزاجی سے ان پر ثابت قدم رہنا ایک احمدی ماں کی ذمہ داری ہے۔ دین کو دنیا پہ مقدم جاننا ایک احمدی ماں کی شان ہوتی ہے۔ ایسی مائیں اپنی اولادوں کے لئے جنت کے سامان پیدا کرنے والی بن جاتی ہیں۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ ہم پر حسنِ ظن رکھتے ہوئے فرماتے ہیں کہ:۔

''احمدی عورت واقعتاً اس بات کی اہلیت رکھتی ہے اور حضرت محمد ﷺ کی توقعات کو پورا کرنے کی پوری صلاحیت رکھتی ہے کہ اس دُنیا میں جنت کے نمونے پیدا کرے۔ اپنے گھروں کو وہ جذب دے، وہ کشش عطا کرے جس کے نتیجے میں وہ محور بن جائے اور اُسکے گھر کے افراد اُس کے گرد گھومیں، اُنہیں باہر چین نصیب نہ ہو، بلکہ گھر میں سکینت ملے۔۔۔۔۔۔۔ یہ وہ اسلامی معاشرہ ہے جس کو بیان فرماتے ہوئے حضرت اقدس محمد مصطفیٰ ﷺ نے ایک ہی چھوٹے سے جملے میں فرمایا کہ:۔

''تمہاری جنت تمہاری ماؤں کے قدموں تلے ہے۔''

(جلسہ سالانہ قادیان 27.12.1991)

ایک مومنہ ماں بدرسومات اور لغویات سے نہ صرف خود بچتی بلکہ اولاد کو بھی احکامِ خداوندی پر عمل کروانے پر کوشاں رہتی ہے۔

زمانے کی دوڑ اور جدید ٹیکنالوجی نے انسان کو پاگل بنا کے رکھ دیا ہے۔ معاشرے میں ایک بے چینی کا سماں پیدا کر دیا ہے۔ جہاں شادی بیاہ اور معاشرے کی اپنی پیدا کردہ رسومات نے دنیا داری میں گھیر رکھا ہے تو دوسری طرف انٹرنیٹ، فیس بک، ٹی وی جیسی ایجادات معاشرے کو تباہی کی طرف لے جا رہی ہیں۔ ہماری خوش قسمتی ہے کہ ہم حضرت مسیح موعودؑ کے ماننے والے جن کی بدولت خدا تعالیٰ نے خلافت کی نعمت ہم میں جاری فرمائی ہے۔ خلیفۂ وقت قدم قدم پر ہماری فکر کرتے اور قیمتی نصائح سے نوازتے رہتے ہیں۔

حضورِ انور فرماتے ہیں کہ:۔

'' 10-12 سال کی عمر کی لڑکیوں سے لے کر نوجوان لڑکیوں تک جو ٹی وی اور انٹرنیٹ ہے یہ آج کل کی لغویات میں شامل ہو چکا ہے۔ اگر آپ لوگ سارا دن ایسا پروگرام دیکھ رہی ہیں جس میں کوئی تربیت نہیں ہے تو یہ لغویات ہے۔ انٹرنیٹ ہے، اس میں بعض دفعہ ایسی جگہوں پر چلی جاتی ہیں جہاں سے پھر آپ واپس نہیں آسکتیں اور بے حیائی پھیلتی جاتی ہے۔ بعض

دفعہ ایسے معاملات آجاتے ہیں کہ غلط قسم کے گروہوں میں لڑکوں نے لڑکیوں کو کسی جال میں پھنسالیا اور پھران کو گھر چھوڑنے پڑے اوراپنے خاندان کے لئے بھی اور جماعت کے لئے بھی بدنامی کا باعث ہوئیں۔اس لئے انٹرنیٹ وغیرہ سے بچنے کی بہت ضرورت ہے۔ٹی وی پر بے حیائی کے بہت سارے پروگرام ہیں، ایسے چینل والدین کو بھی بلاک کر کے رکھنے چاہئیں جو بچوں کے ذہنوں پر گندے اثر ڈالتے ہیں۔''

(سالانہ اجتماع لجنہ وناصرات جرمنی 2011)

مائیں اگر بیدار ہو جائیں اور پختہ اِرادہ کرلیں کہ ہم نے اپنی نسلوں کو ضائع ہونے سے بچانا ہے تو پھر خدا تعالیٰ کے حضور راتوں کو اُٹھ اُٹھ کر گِڑ گڑائیں پھر کامیابی لازمی امر ہے۔کیونکہ خدا تعالیٰ دردِ دِل سے کی ہوئی دُعائیں ضرور سنتا ہے۔حضرت مصلح موعودؓ جانتے تھے کہ ہم احمدی عورتیں یہ کام کر سکتی ہیں۔

آپؓ فرماتے ہیں کہ:۔

''پس عورتیں اگر چاہیں تو وہ دُنیا کو مستقل طور پر دین بخش سکتی ہیں۔عورتیں اگر چاہیں تو وہ دُنیا کو مستقل طور پہ ایمان بخش سکتی ہیں۔اور یہ کام اتنا بڑا ہے کہ نپولین کی فتح یا تیمور کی فتح یا ملکہ الزبتھ کی فتح یا اور بادشاہوں کی فتوحات اس کے مقابلے میں بالکل ہیچ ہو کر رہ جاتی ہیں۔قرآن کریم کہتا ہے کہ تم ہمیشہ کے لئے دین قائم کرو،مگر یہ کس طرح ہوسکتا ہے۔میں نے آئندہ نسل کو پہلوں سے زیادہ دیندار بنانا ہے تو شیطان اس پر کس طرح قبضہ کرسکتا ہے۔مردوں نے شیطان کا مقابلہ کیا مگر ہمیشہ ناکام رہے۔زیادہ سے زیادہ صرف ایک نسل کو دین پر قائم کرنے میں کامیاب ہو سکے۔صرف عورت ہی ہے جو شیطان کا مقابلہ کرسکتی ہے۔اگر عورتیں فیصلہ کرلیں کہ ہم نے آئندہ نسلوں کو خادمِ دین بنانا ہے تو شیطان اس کو کس طرح بگاڑے گا آئندہ نسل پر شیطان کا اثر نہیں ہوتا بلکہ ماں کا اثر ہوتا ہے۔۔۔ کیونکہ عورت کے ہاتھ میں بچہ ہوتا ہے، بچہ بولنا سیکھتا ہے تو اپنی ماں کی گود میں، جذبات سیکھتا ہے تو اپنی ماں کے ذریعہ سے،فکر کا مادہ اس میں پیدا ہوتا ہے تو اپنی ماں کی وجہ سے۔غرض وہ تمام باتیں عورت سے ہی سیکھتا ہے۔اگر عورت اس عزم کے ساتھ کھڑی ہو جائے کہ میں آئندہ نسل کی اصلاح کروں گی ،تو جو کام بزرگوں سے نہیں ہوا وہ ہمیشہ کے لئے ہوسکتا ہے اور خدا کی بادشاہت اس دنیا میں اس طرح قائم ہوسکتی ہے جس طرح وہ آسمان پر ہے۔۔۔۔۔۔اللہ تعالیٰ آپ لوگوں کو اپنے فرائض کے سمجھنے کی توفیق دے تا کہ اللہ تعالیٰ کی بادشاہت کو آپ ہمیشہ ہمیش کے لئے دنیا میں قائم کر دیں اور آپ کے بعد آپ کی بیٹیاں اور پھر بیٹیوں کے بعد ان کی بیٹیاں قرآن کریم کو جاری کرنے والی اور اپنے نیک نمونہ کے ساتھ اسلام کو دائمی زندگی بخشنے والی ہوں۔'' اللّٰھم آمین

(الفضل 22.12.1950 ص:8)

لجنات حضورِ انور کے ارشاد کے مطابق روزانہ دو نوافل کا التزام کریں۔جماعت ناروے نے نفلی روزہ کے لئے ہر سوموار کا دن مقرر کیا ہوا ہے۔جزاکم اللہ

جماعت احمدیہ اور خدمت خلق

نبیلہ رفیق مجلس درامن

خدا تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے:

وَيُطْعِمُونَ الطَّعَامَ عَلٰى حُبِّهٖ مِسْكِينًا وَّ يَتِيمًا وَّأَسِيرًا۝

(سورۃ الدّھر: آیت:9)

ترجمہ: اور وہ کھانے کو، اس کی چاہت کے ہوتے ہوئے، مسکینوں اور یتیموں اور اسیروں کو کھلاتے ہیں۔

حضرت مسیح موعود علیہ السلام اس آیت کریمہ کی وضاحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

''۔۔۔یاد رکھو کہ خدا تعالیٰ نیکی کو بہت پسند کرتا ہے اور وہ چاہتا ہے کہ اس کی مخلوق سے ہمدردی کی جاوے۔ اگر وہ بدی کو پسند کرتا تو بدی کی تاکید کرتا مگر اللہ تعالیٰ کی شان اس سے پاک ہے (سبحانہ تعالیٰ شانہ) پس تم جو میرے ساتھ تعلق رکھتے ہو یاد رکھو کہ تم ہر شخص سے خواہ وہ کسی مذہب کا ہو، ہمدردی کرو اور بلاتمیز ہر ایک سے نیکی کرو کیونکہ یہی قرآن شریف کی تعلیم ہے۔'' (ملفوظات۔ جدید ایڈیشن۔ جلد چہارم۔ صفحہ:218)

خُدا تعالیٰ کی مخلوق کی خدمت کرنا بہت بڑی نیکی ہے اس سلسلے میں حضرت رسول کریم ﷺ فرماتے ہیں:۔

''اللہ عز و جل قیامت کے روز فرمائے گا اے ابنِ آدم! میں بیمار تھا تو نے میری عیادت نہیں کی۔ بندہ کہے گا۔ اے میرے ربّ! میں تیری عیادت کیسے کرتا جبکہ تو ساری دنیا کا پروردگار ہے۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا۔ کیا تجھے پتہ نہیں چلا کہ میرا فلاں بندہ بیمار تھا تو تُو نے اس کی عیادت نہیں کی تھی۔ کیا تجھے معلوم نہ تھا کہ اگر تم اس کی عیادت کرتے تو مجھے اس کے پاس پاتے۔ اے ابن آدم! میں نے تجھ سے کھانا طلب کیا تو تُو نے مجھے کھانا نہیں دیا۔ اس پر ابن آدم کہے گا۔ اے میرے رب! میں تجھے کیسے کھانا کھلاتا جب کہ تُو تو ربُّ العالمین ہے۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا۔ تجھے یاد نہیں کہ تجھ سے میرے فلاں بندہ نے کھانا مانگا تھا تو تُو نے اسے کھانا نہیں کھلایا تھا۔ کیا تجھے معلوم نہیں تھا کہ اگر تم اسے کھانا کھلاتے تو تم میرے حضور اس کا اجر پاتے۔ اے ابن آدم! میں نے تجھ سے پانی مانگا تھا مگر تو نے مجھے پانی نہیں پلایا تھا۔ ابن آدم کہے گا۔ اے میرے رب! میں تجھے کیسے پانی پلاتا جب کہ تو ہی سارے جہانوں کا ربّ ہے۔ اس پر اللہ تعالیٰ فرمائے گا۔ تجھ سے میرے فلاں بندے نے پانی مانگا تھا۔ مگر تم نے اسے پانی نہیں پلایا۔ اگر تم اس کو پانی پلاتے تو اس کا اجر میرے حضور پاتے۔'' (حدیقۃ الصالحین: صفحہ: 279)

جبھی خالق کون و مکان نے اپنے مقدس کلام میں یہ فرما دیا ہے کہ

''میں نے انسان کو پیدا ہی اس لئے کیا ہے کہ وہ عبادت کرے،،

(سورۃ الذّریٰت: آیت:57)

اور پھر عبادت کی تشریح میں عبادت کے عمل کو دو عملی صورتوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ رسولِ خدا ﷺ کا فرمان ہے:

''کسی کو مسکرا کر دیکھنا بھی صدقہ ہے۔''

اور راستے میں گری کانٹوں بھری شاخ کا اُٹھانا بھی جنّت میں جانے کا سبب بن جاتی ہے بلکہ پیاسے جانور کو پانی پلانا بھی بخشش کی وجہ بن جاتا ہے حضرت بانیٔ سلسلہ فرماتے ہیں۔ ''تم حقیقی نیکی کو ہرگز نہیں پا سکتے جب تک کہ بنی نوع انسان کی ہمدردی میں وہ مال خرچ نہ کرو جو تمہارا پیارا مال ہے۔ غریبوں کا حق ادا کرو۔ مسکینوں کو دو۔ مسافروں کی خدمت کرو۔'' (اسلامی اصول کی فلاسفی۔ صفحہ :51)

ا۔ خدا کی عبادت اور بنی نوع انسان کے حقوق کی ادائیگی:۔

اس لحاظ سے جب ہم انسان کی ضروریات اور اُس کو پیش آنے

والے مسائل کو دیکھتے ہیں تو ان گنت باتیں ہیں جس کے ذریعے ایک انسان یا ایک جماعت ضرورت مندوں کی مدد کر سکتی ہے مثلاً جسمانی، مالی، معاشی، تمدّنی، ذہنی، نفسیاتی حتیّٰ کہ انسان کو تو روحانی اور علمی مدد کی بھی حد سے زیادہ ضرورت ہوتی ہے۔ جسے وہ دوسرں کی مدد کے بغیر حاصل نہیں کر سکتا۔ ہماری دُنیا میں بہت سے نام ایسے ہیں جن کے ساتھ خدمتِ خلق کرنے کی ایسی تاریخ موجود ہے کہ اُن کا نام لیتے ہی اُن کے انسانیت پر کئے گئے اجتماعی احسانات کی فلم آنکھوں کے سامنے گھومنے لگ جاتی ہے۔ ان میں روحانی و مذہبی پیشواؤں کو ان سے الگ بھی کر لیا جائے تو تب بھی سماجی مددگار کی بھی ایک لمبی فہرست ہمیں دیکھنے کو ملے گی۔ جیسے مدر ٹریسا، ریڈ کراس، یونیسف، ایدھی، نیلسن منڈیلا وغیرہ۔

خدمتِ خلق کرنے کے لئے کوئی پیمانہ یا گریڈ مقرر نہیں ہوتا کہ کس کی کتنی خدمت کرو تو وہ خدمتِ خلق کہلائی جائے گی۔ خدمت تو خدمت ہے۔ وہ چاہے کسی کی طرف مسکرا کر دیکھنے سے کی جائے جس سے کہ مخاطب کی طبیعت پر چھائی اُداسی اور مایوسی دور ہوتی ہو، یا رحمۃ اللعالمین کے فرمان کے مطابق ہانڈی میں اس خیال سے شوربہ پتلا کیا جائے کہ کسی ہمسائے کو بھی اس میں سے حصّہ دیا جائے گا۔ یا عین وقت پر حجِّ بیت اللہ کے سفر کا ارادہ محض اس لئے ترک کر دیا جائے کہ اس رقم سے کسی مستحق کی شدید ضرورت کو پورا کرنا مقصود ہو اور اپنی زندگی بھر کی جمع کی ہوئی پونجی اُس مستحق کو دے دی جائے۔

مخلوقِ خدا کے اس ریلے میں تقریباً سوا سو برس قبل ایک چھوٹی سی جماعت ہندوستان کے چھوٹے سے گاؤں سے نکل کر دُنیا کے طول وعرض میں اس انداز سے پھیلی ہے کہ جس جس خطے سے بھی اس کا گزر ہوا اُس نے بلاتمیز رنگ ونسل انسانیت کے لئے روحانی، مالی، جسمانی، تمدنی اور معاشی مائدے کے انتظام کی کوشش کی۔ بلکہ اگر یہ کہا جائے کہ اس جماعت کی بنیاد اور اسکے بانی حضرت مرزا غلام احمدؑ کا مشن ہی انسانیت کو روحانی فائدہ پہنچانا تھا تو غلط نہ ہوگا۔ احمدیہ سلسلے نے جہاں ہندوستان کے مسلمان جو ضعیف العقادی کی انتہا تک پہنچ چکے تھے اُنہیں گمراہ کُن عقائد سے نجات دلا کر حقیقی اسلام اور ایک زندہ خدا کا چہرہ دکھایا۔ وہاں اُنہوں نے ہندوستان میں مختلف انواع کی اقوام جو آپس میں نفرتوں کے رویئے رکھتی تھیں کی حالت دیکھتے ہوئے محض طبعی ہمدردی سے مغلوب ہو کر صلح وصفائی کے ساتھ رہنے کی تاکید کرتے ہوئے ان کے نام ایک کتاب لکھ ڈالی، جس کا نام ہی ''پیغامِ صلح'' رکھا۔

حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں:۔

''اے ہم وطنو! وہ دین دین نہیں ہے جس میں عام ہمدردی کی تعلیم نہ ہو۔ اور نہ وہ انسان انسان ہے جس میں ہمدردی کا مادہ نہ ہو۔ ہمارے خدا نے کسی قوم سے فرق نہیں کیا۔ مثلاً جو جو انسانی طاقتیں اور قوّتیں آریہ ورت کی قدیم قوموں کو دی گئی ہیں۔ وہی تمام قوتیں عربوں اور فارسیوں اور شامیوں اور چینیوں اور جاپانیوں اور یورپ اور امریکہ کی قوموں کو بھی عطا کی گئی ہیں۔ سب کے لئے خدا کی زمین فرش کا کام دیتی ہے۔ اور سب کے لئے اس کا سورج اور چاند اور کئی اور ستارے روشن چراغ کا کام دے رہے ہیں۔ اور دوسری خدمات بھی بجالاتے ہیں۔'' (پیغامِ صلح صفحہ: ۱)

پس یہ اخلاق ربّانی ہمیں سبق دیتے ہیں کہ ہم بھی بنی نوع انسان سے مروّت اور سلوک کے ساتھ پیش آویں۔ اور تنگ دل اور تنگ ظرف نہ بنیں۔

گویا حضرت بانئ سلسلہ احمدیہ نے ہندوستان کی دُنیا کو حقیقی عرفان کا چہرہ دکھایا اور رسولِ خدا کی سنت پر عمل کرتے ہوئے اپنے ماننے والوں کو سچے اسلام کا چہرہ دکھایا اور ایک خدائی جماعت قائم کی اور اس جماعت کو دُنیا کی اصلاح اور خدمتِ انسانیت کرنے پر مامور کر دیا تا کہ وہ دُنیا کو احمدیت یعنی سچے اسلام کی خوبیاں بتانے کے ساتھ ساتھ انسانیت کی خدمت پر ڈٹ جائے۔

لہٰذا حضرت بانئ سلسلہ احمدیہ کے ہر خلیفہ کا ماٹو ہی یہ رہا ہے'' کہ

انسانیت کی ہمدردی کی جائے خواہ اس کے لئے کتنی ہی بھاری قیمت ادا کرنی پڑے۔''

اگر ہم احمدیت کی ایک سوبیس سالہ تاریخ پر نظر ڈالیں تو انسانیت کی خدمت کی ایک لمبی فہرست ہے جسے گننا مشکل ہو جائے گا۔مثلاً **شدھی کی تحریک** میں بے بس غریب مسلمانوں کو ہندو بننے سے روکنے کی سعی۔

تحریکِ آزادی پاکستان میں مہاجروں کی نقل مکانی کے سلسلے میں حضرت مصلح موعودؓ کی تجاویز۔

کشمیریوں کے حقوق کے لئے حضرت مصلح موعودؓ کی کاوشیں۔

وقفِ جدید کے نظام کے تحت معلمین بنا کر ہندوستان اور پاکستان کے دور دراز علاقوں میں بچوں اور ناخواندہ لوگوں کو مفت تعلیم دینے کا سلسلہ شروع کروایا جن میں ہندوستان اور پاکستان کے پس ماندہ علاقے سرِ فہرست ہیں۔اس تحریک کا بجٹ اب لاکھوں پاؤنڈ تک پہنچ چکا ہے۔جس کے تحت سینکڑوں احمدی اپنی زندگی وقف کر کے غریب ممالک کے دیہاتی علاقوں میں جا کر پڑھنا لکھنا سکھاتے ہیں۔

نصرت جہاں اسکیم:۔ حضرت مرزا ناصر احمدؒ خلیفۃ المسیح الثالث نے اللہ سے خبر پا کر ''نصرت جہاں اسکیم'' کا عظیم الشان منصوبہ شروع کیا تھا۔جس کے تحت افریقہ کے پانچ ممالک میں اسپتال ڈسپینسریاں اور اسکول کھولنے اور وہاں کے بچوں کو مفت تعلیم پہنچانے کا عظیم الشان منصوبہ شامل تھا۔اس نے آج اللہ کے فضل کے ساتھ افریقہ کے کئی ممالک کی حالت اور زندگی بدل کے رکھ دی ہے۔وہ تحریک جو پانچ ممالک سے شروع ہوئی تھی اس وقت اس کے تحت بارہ ممالک میں چھتیس اسپتال اور کلینک کام کر رہے ہیں۔بارہ ممالک میں 521 ہائی اور پرائمری اسکول کام کر رہے ہیں۔اس سال بینین کے ملک میں بھی ایک سوساٹھ بستروں پر مشتمل اسپتال کھولا گیا ہے جو اس علاقے کی ضرورت پوری کر رہا ہے۔مفت ہومیو پیتھی علاج کی سہولتیں بھی ان اسپتالوں کے ساتھ ساتھ مہیا کی جاتی ہیں۔

بیوت الحمد کا عظیم الشان منصوبہ:۔ جو جماعت کے بیواؤں، یتیموں اور بے سہارا مسکین لوگوں کے لئے بالکل مفت رہائشی انتظام ہے۔

گندم بونے کا کامیاب تجربہ:۔ گھانا میں گندم بونے کے کامیاب تجربے کیے گئے جن کو حکومتی سطح پر سراہا گیا۔کیونکہ اس کامیاب تجربے نے اس غریب ملک کی معیشت پر نمایاں اثر ڈالا۔

مریم شادی فنڈ:۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ نے اپنی مرحومہ والدہ کے نام پر مستحق بچیوں کے جہیز کے لئے ایک فنڈ ''مریم شادی فنڈ'' کے نام پر قائم کیا۔اس فنڈ سے ہر سال درجنوں بچیوں کے جہیز اور شادی کے انتظام کئے جاتے ہیں۔

ہیومینٹی فسٹ:۔ کی شکل میں مغربی افریقہ، یوگنڈا، روانڈا، کانگو، ہندوستان، آسام، بنگال اور پھر گاہے بگاہے دُنیا میں آنے والی زمینی و سماوی آفات کے وقت مخلوقِ خدا کی بے لوث خدمت کرنا بھی شامل ہے۔اس تنظیم کے تحت تیسری دُنیا میں آنے والی آفات کے وقت بھی اور افریقہ اور دوسرے غریب ممالک میں فلاحی کام کئے جاتے ہیں۔ 2005 انڈونیشیا میں آنے والی سونامی 1908 میں پاکستان میں آنے والے ہولناک زلزلہ، ہیٹی، اور بنگلہ دیش کے طوفان ہر جگہ احمدیہ جماعت کی یہ تنظیم انسانی خدمت کے لئے پیش پیش ہوتی ہے۔دُنیا کی دوسری تنظیموں کے ساتھ اس کا فرق یہ بنتا ہے کہ عام دُنیا کے میڈیا میں عوام سے رقم مانگنے کے لئے اشتہار بازی نہیں کی جاتی۔جماعتِ احمدیہ کا خدمتِ خلق کرنے کا اپنا طریق ہے اور زیادہ تر یہ تنظیم خاموشی سے انسانیت کی خدمت کرتی رہتی ہے۔جماعت کے ممبران کو اس کی تفاصیل معلوم ہیں لہٰذا احمدی مردوزن اپنے طور پر قوم کی ادائیگی کرتے رہتے ہیں اور انسانیت کی خدمت پر کمربستہ یہ تنظیم خلیفہ وقت کی ہدایات کے تابع، قدرتی آفات میں مدد کرنے کے علاوہ بھی مختلف کاموں میں مصروف رہتی ہے۔مثلاً افریقہ میں پانی کے کنوئیں۔

آئی کیمپ:۔ جگہ جگہ گاہے بگاہے آئی کیمپ لگائے جاتے ہیں۔یہ کیمپ بھی برس ہا برس سے لگائے جا رہے ہیں، جہاں غرباء کا بالکل مفت

علاج کیا جاتا ہے۔اس سال صرف برکینا فاسو میں ہی چار آئی کیمپ لگائے گئے۔جس میں 241 لوگوں کے آنکھ کے موتیا کے بالکل مفت علاج کئے گئے۔اس جگہ پر اب تک ۱۱۹۰ لوگوں کے مفت آپریشن ہو چکے ہیں۔نائیجیریا میں بھی کیمپ لگا کر کامیاب آپریشن کئے گئے۔افریقہ کے دور دراز علاقوں میں بھی آنکھوں کے امراض کا مفت علاج کیا گیا۔

بلڈ بینک:۔ کچھ ممالک کی خدام جماعتیں ایسی بھی ہیں جنہوں نے بلڈ بینک کھولے ہوئے ہیں اور مرد و زن وہاں اپنا خون انسانی زندگیاں بچانے کے لئے عطیہ کرتے ہیں۔

جماعتِ احمدیہ کے ترقیاتی کاموں میں:۔ سے ایک احمدی آرکیٹکٹ اور انجینیر ایسوسی ایشن بھی خلفاء کی نگرانی میں کام کر رہی ہے ویسے تو یہ ایسوسی ایشن بہت پرانی ہے مگر 2003 سے اس ایسوسی ایشن کے اندر ایک نئی روح پھونک دی گئی ہے اور جب سے یہ ایسوسی ایشن ایک نئے جذبے کے ساتھ انسانیت کا کام کر رہی ہے۔اس سلسلے میں امام جماعت احمدیہ نے ایسوسی ایشن کے ایک اجلاس کے درمیان فرمایا:۔''کہ ان میں سے یقیناً بعض انگلستان یا یورپ میں مساجد اور مشن ہاوسز کی تعمیر پر کام بھی کرتے ہیں۔لیکن اس کے ساتھ ساتھ یہ ایسوسی ایشن ایک نہایت اہم فریضہ انسانیت کی خدمت اور ضرورت مندوں کی مدد کرنے کا بھی بخوبی نبھا رہی ہے۔مثلاً ایسوسی ایشن نے افریقہ میں ہزاروں کی تعداد میں نلکے لگائے ہیں یا ان کی مرّمت اور بحالی کا کام کیا ہے۔جو قبل ازیں حکومتوں یا این جی اوز نے لگائے تھے اور ناکارہ ہو چکے تھے۔یوں ایسوسی ایشن نے ان دُور دراز علاقوں میں پانی کی فراہمی کا سامان کر دیا ہے جہاں پہلے پانی میسّر نہ تھا اور یہ انسانیت کی سچّی خدمت ہے۔اپنے گھروں کی دہلیز پر پانی کی فراہمی پر خوشی ان کے چہروں سے عیاں ہوتی ہے۔

حضور انور نے افریقہ کے دور دراز علاقوں میں بجلی اور پانی پہنچانے کے کام میں اس ایسوسی ایشن کے کاموں کا ذکر کرتے ہوئے ایک واقعہ بھی بیان فرمایا!''حال ہی میں مجھ تک افریقہ کے نہایت غریب اور معمّر احمدی کا واقعہ پہنچا ہے۔جن کے دور دراز گاؤں تک پہلے راستوں کی سہولت معدوم تھی اور وہاں بجلی اور پانی بھی نہ تھا۔لیکن اسی ایسوسی ایشن کی کوششوں سے یہاں شمسی توانائی سے بجلی مہیا کی گئی اور مسجد میں ٹی وی رکھ کر ایم ٹی اے چلایا گیا۔اس وقت یا تو میرا خطبہ چل رہا تھا یا میرا کوئی اور پروگرام نشر کیا جا رہا تھا۔تب اُس معمّر احمدی نے مجھے دیکھا اور دیکھتے ہی ان کی آنکھوں میں آنسو رواں ہو گئے۔اُنہوں نے کہا کہ میں سوچا کرتا تھا کہ میں بھی کبھی خلیفہ وقت کی آواز براہِ راست سُن سکوں گا یا نہیں۔اور آج اللہ نے میری دُعائیں قبول کر لیں ہیں۔''

شمسی توانائی جسے سولر سسٹم کہا جاتا ہے۔اسکے سلسلے میں بھی احمدی ماہرین نے بے لوث کام سرانجام دیے ہیں۔افریقہ کے یہ علاقے اتنے پس ماندہ ہیں کہ یہاں بجلی کا کوئی تصور ہی نہیں ہے۔وہاں جا کر احمدی انجینیر ز اور ماہرین نے سولر سسٹم کے تحت حیرت انگیز کام کئے ہیں۔غانا میں بارہ مقامات اور بورکینا فاسو میں دس مقامات پر سولر سسٹم کے تحت بجلی لگانے اور پانی پہنچانے کا کام کیا گیا ہے، بورکینا فاسو کے لوگوں نے پہلی دفعہ بجلی دیکھی۔اسکے علاوہ رواں سال میں تنزانیہ، گیمبیا، یوگینڈا اور کانگو میں دس مقامات پر سولر سسٹم سے بجلی لگائی گئی۔

ربوہ کا آباد ہونا ہی اپنی ذات میں قریبی آبادی کیلئے کسی نعمت غیر مترقّبہ سے کم نہیں جماعتِ احمدیہ کی اس غیر ذی زرع زمین پر آ کر آباد ہو جانا اور اپنے ساتھ ساتھ درجنوں چھوٹے موٹے دیہات جن کے پاس زندگی کی سہولیات یا روزمرہ کی چھوٹی سے چھوٹی شئے بھی درکار نہ ہوتی تھی یہ وہ لوگ تھے جن کو چھوٹی سے چھوٹی چیز کے لئے چینوٹ جانا پڑتا تھا۔مگر ربوہ کی آبادی ان کے لئے صدقہ جاریہ بن گئی ربوہ کے اسپتال اور دوسرے ڈاکٹرز کے کلینک کا جائزہ لے کے دیکھ لیں تو معلوم ہوگا کہ ہر ڈاکٹر کے دروازے پر بیرون از ربوہ کے یہی لوگ بیٹھے ہوئے پائے جائیں گے اور ان کے علاج بھی رعائتی یا مفت کئے جاتے ہیں۔ربوہ چونکہ اپنے نام کی طرح دوسرے علاقوں کی نسبت قدرے

اونچی جگہ پر واقع ہے۔ اسلئے دریائے چناب کے پانی نے تقریباً ہر مون سون کے موسم میں اپنے کناروں سے باہر نکل کر اپنے ساتھ ساتھ بسنے والی آبادیوں کے لئے پریشانی کا باعث بنا ہوتا ہے۔ لیکن جب سے ربوہ بنا ہے تب سے بہت دفعہ ایسا ہوا کہ دریائے چناب کے پانی نے ربوہ کے نواح میں خوب تباہی مچائی ایسے مشکل وقت میں ربوہ کی انتظامیہ نے ربوہ کے خدّام کی مدد سے ان علاقوں میں جا کر ہر قسم کی مدد کی۔ باوجود اس کے کہ ربوہ والے جانتے ہیں کہ جب بھی ربوہ پر مشکل پڑی ہے ان لوگوں نے ہمیشہ مخالفین کا ساتھ ہی دیا ہے مگر اہلِ ربوہ کو ''محبت سب سے نفرت کسی سے نہیں'' کا درس ملا ہوا ہے۔ لہٰذا وہ اپنے پڑوسیوں کے ساتھ بہترین حسنِ سلوک کرنے کی کوشش میں لگے رہتے ہیں۔

مندرجہ بالا بیان کردہ تفصیل اصل میں اس حقیقت کی عشرِ عشیر بھی نہیں جو اصل میں جماعتِ احمدیہ کا عمل اور مقصود ہے۔ حضرت مسیح موعودؑ کی پاک صحبت میں رہ کر جہاں سلسلہ کے دوسرے احباب اور بزرگان نے اپنی نیکی کی فطرت میں خدمتِ خلق کا حسین اور لطیف عمل بھرپور طریقے سے شامل کیا وہاں خاندانِ مسیحِ موعودؑ کی عظیم ماں (حضرت امّاں جان) نے بھی حضرت مسیح موعودؑ کی قوتِ قدسیہ سے وہ خوبصورت فطرت پائی جس کے اندر بنی نوع انسان کے لئے محبت ہی محبت بھری ہوئی تھی۔ صرف یہی نہیں بلکہ حضرت امّاں جان نے اپنی صحبت میں رہنے والی دوسری خواتین کو بھی اس حسین عادت کا خوب حصّہ دیا۔ ذیل میں کچھ واقعات بیان کئے جا رہے ہیں جن سے جماعتِ احمدیہ کی خلقِ خدا سے ہمدردی کی روح اور جذبے کا اندازہ ہو سکتا ہے۔

یتیموں کی خبر گیری:۔ جماعتِ احمدیہ کے بزرگان کا ایک امتیازی خاصہ ہے۔ حضرت میر محمد اسحاقؓ صاحب (بھائی حضرت امّاں جان) نے قادیان میں یتامیٰ کے لئے بے پناہ کام کیا۔ اُن کی زیرِ کفالت بہت سے یتامیٰ پلتے تھے۔ اور وقت آنے پر وہ گھر گھر پھر کر یتیموں کے لئے راشن اکٹھا کیا کرتے تھے۔ اس خاندان کے اندر اللہ تعالیٰ نے یتامیٰ اور مساکین کی خبر گیری کا مادہ کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا تھا۔ حضرت میر اسحاقؓ کی عظیم بہن حضرت امّاں جان صاحبہ بھی اپنے اندر ایسی ہی روح لئے ہوئے تھیں۔ ان کی زندگی میں یتامیٰ کی خبر گیری ایک اہم کام تھا۔ آپ مسلسل یتیم لڑکیوں کو اپناتیں اور ان کی پرورش کرتیں۔ مگر ایسے کہ انہیں یہ محسوس نہ ہو کہ ہم پر یتیمی کی وجہ سے احسان کیا جا رہا ہے۔

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت امّاں جان کسی چھوٹے گاؤں کی طرف سیر کو نکلیں۔ آپ کے ہمراہ دو خادمائیں امام بی اور مائی فجو بھی تھیں۔ جب آپ گاؤں کی ایک گلی سے گزریں۔ تو دیکھا کہ گندے چیتھڑوں میں لپٹی ایک لڑکی پڑی ہے اور خربوزوں کے گندے چھلکے منہ میں ڈال رہی ہے۔ آپ نے پوچھا یہ کون ہے۔ معلوم ہوا کہ یتیم ہے اور گونگی اور بہری ہے۔ آپ نے ایک خادمہ کو حکم دیا کہ اسے اُٹھا کر ساتھ لے چلو اور اسے لے کر سیدھی لڑکیوں کے اس اسکول تک پہنچیں جو اس وقت دار المسیح میں ہی لگتا تھا۔ اُس وقت اس لڑکی کی حالت بہت خوفناک تھی امّاں جان نے لڑکیوں کو بتایا کہ یہ ایک لاوارث یتیم بچی ہے اُستانی میمونہ سے کہہ کر اسے نہلایا دھلایا۔ تیسرے چوتھے دن اسے خود نہلاتیں دھلاتیں بچوں میں رہتے ہوئے اسے اتنی عقل آ گئی کہ وہ گھر کا کام کاج بھی کرنے لگ گئی۔ جوان ہونے پر اسے اپنے ہاتھوں سے بیاہا۔

(سیرت حضرت امّاں جان۔ تصنیف رضیہ درد صاحبہ صفحہ 20)

قیدیوں سے رابطہ اور خبر گیری:۔ جماعتِ احمدیہ کے فلاحی اور سماجی کاموں کے منشور میں قیدیوں سے رابطہ اور خبر گیری کرنا بھی شامل ہے لہٰذا اس سلسلے میں بھی بہت سے ممالک میں اس پر کام کیا جاتا ہے اور قیدیوں کی اخلاقی، مالی اور قانونی مدد بھی کی جاتی ہے۔

ڈاکٹر عبدالسلام:۔ احمدیت کے وہ سپوت ہیں جنہوں نے اپنی ذہنی صلاحیتوں کو صرف سائنسی ترقیات پر ہی مرکوز نہیں رکھا بلکہ اپنے فن کی بلندیوں پر پہنچنے کے سفر میں مسلسل اپنے وطن پاکستان کی ریاستی اور انفرادی ہر دو سطح پر خدمت بجا لاتے رہے ان کی خدمات کا مختصر خاکہ

کچھ یوں ہے۔

1961 میں صدرِ پاکستان جنرل ایوب کی پیشکش پر بغیر معاوضے کے حکومت کا سائنسی مشیر بننا قبول کرلیا۔اور مندرجہ ذیل خدمات سرانجام دیں۔

ا۔ ملک سے غربت ختم کرنے کے لئے سائنس کی ترقی کیلئے کوشش۔

2۔ملک میں سیم اور تھور ختم کرنے کیئے لئے ٹیوب ویل لگانے کا مربوط منصوبہ بنایا۔

3۔اپنے ذاتی اعزازات میں سے پاکستانی طالبِ علموں کو وظیفے دیئے۔

4۔عالمی اداروں سے پاکستان کے مختلف کالجز میں سائنسی آلات کی فراہمی۔

5۔تیل پیدا کرنے والوں سے عالمی سطح پر ایک مرکز بنانے کی تجویز اور اس کام کے لئے اپنا سارا نوبل انعام دینے کا اعلان۔

(پہلا احمدی مسلمان سائنس دان تصنیف انجینئر محمود مجیب اصغر)

سر ظفر اللہ خاں صاحب کا :۔وجود عالمِ اسلام کے لئے بے شمار آسانیاں پیدا کرنے والا وجود ثابت ہوا کتنے ہی عربی اور اسلامی ممالک ہیں جن کو خود مختاری دلوانے میں اور ان کے حقوق اور حیثیت اقوامِ متحدہ میں منوانے کا سہرا آپ کے سر جاتا ہے۔

حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں:۔

''غرض نوعِ انسان پر شفقت اور اس سے ہمدردی کرنا بہت بڑی عبادت ہے۔اور اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کے لئے یہ بہت بڑا ذریعہ ہے۔مگر میں دیکھتا ہوں کہ اس پہلو میں بڑی کمزوری ظاہر کی جاتی ہے۔۔۔جو لوگ غرباء کے ساتھ اچھے سلوک سے پیش نہیں آتے بلکہ ان کو حقیر سمجھتے ہیں۔مجھے ڈر ہے وہ خود اس مصیبت میں مبتلا نہ ہو جائیں۔اللہ تعالیٰ نے جن پر فضل کیا ہے ان کی شکر گزاری یہی ہے کہ اس کی مخلوق کے ساتھ احسان کا سلوک کریں۔اور اس خدا داد فضل پر تکبّر نہ کریں۔پھر فرماتے ہیں:۔ یہ بالکل سچّی بات ہے کہ بہت سی سعادت غرباء کے ہاتھ میں ہے۔اس لئے انہیں امیروں کی امیری اور تمول پر رشک نہیں کرنا چاہئے۔اس لئے کہ انہیں وہ دولت ملی ہے جوان کے پاس نہیں۔اصل بات یہ ہے کہ سب سے مشکل اور نازک مرحلہ حقوق العباد ہی کا ہے۔میرا تو یہ مذہب ہے کہ دشمن کے ساتھ بھی حد سے زیادہ سختی نہ ہو۔۔۔'' (ملفوظات جلد:8 صفحہ: 102)

٪ ٪ ٪ ٪ ٪ ٪ ٪ ٪

محرّم کے ایام میں بکثرت درود بھیجنے کی نصیحت

حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ فرماتے ہیں:

''آج کل محرم کے دن ہیں۔اس سلسلے میں بڑی ضروری بات میں جماعت کو یاد کرانا چاہتا ہوں کہ آنحضرت ﷺ کے اہلِ بیت کے ساتھ ہر عاشق کو ایک روحانی تعلق ہونا چاہئے۔یہ جو اختلافی مسائل ہیں یہ بالکل اور بات ہے۔لیکن حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ اور آپ ﷺ کے اہلِ بیت سے عشق، یہ بالکل اور معاملہ ہے۔یہ ایک لافانی مسئلہ ہے جس میں کبھی کوئی تبدیلی پیدا نہیں ہوسکتی۔اس لئے جماعت احمدیہ اس طرف خاص توجہ کرے اور ان ایام میں خصوصیت کے ساتھ آنحضرت ﷺ اور آپ ﷺ کے اہل بیت پر بکثرت درود بھیجیں۔کیونکہ حضور اکرم ﷺ کی جسمانی اولاد آپ ﷺ کی روحانی اولاد بھی تھی،صرف جسمانی اولاد نہیں تھی۔اس لئے **نورٌ علیٰ نور** کا منظر نظر آتا ہے۔حضرت امام حسنؓ ، حضرت امام حسینؓ اور باقی بہت سے آئمہ جو آپ ﷺ کی نسل سے بعد میں پیدا ہوئے بہت بڑے بزرگ تھے اور عظیم الشان روحانی مصالح کو سمجھنے والے،صاحب کشف و الہام تھے.....

حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے عشق اور آپ ﷺ کے اہلِ بیت کے عشق میں ہم آگے ہیں،پیچھے نہیں ہیں۔یہ بات جماعت کو نہیں بھلانی چاہئے۔یہی بات حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ہر جگہ لکھی فرماتے ہیں:

جان و دلم فدائے جمال محمد ﷺ است
خاکم نثار کوچۂ آل محمد ﷺ است

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ غیروں کی نظر

عطیہ رفعت مجلس پرنس دال

اللہ تعالیٰ کے جو ہم پر بے انتہا احسانات ہیں ان میں سے ایک احسان یہ بھی ہے کہ ہم مومنین اور اعمالِ صالحہ بجا لانے والوں کی اس جماعت کا حصّہ ہیں جو قرآنِ مجید کی آیتِ استخلاف میں موجود الٰہی وعدوں کی مصداق ہے۔اور جسمیں آنحضرت ﷺ کی پیش خبری کے مطابق خلافت علیٰ منہاج نبوت کا مبارک نظام موجود ہے۔آج روئے زمین پر ہم ہی وہ واحد جماعت ہیں جس پر خدا تعالیٰ کے پیار کی نظر ہے اور جسے اس نے دُنیا بھر میں اسلام اور توحید کے قیام کے واسطے منتخب فرمایا ہے اور جب وہ کسی کو کسی کام کیلئے منتخب فرماتا ہے تو پھر اسے اپنی غیر معمولی تائید اور نصرت سے بھی نوازتا ہے اور دنیا کو دکھاتا ہے کہ یہ میرا انتخاب ہے اور میں ہی اسکا محافظ اور مددگار ہوں۔

125 سال قبل انڈیا کے چھوٹے سے قصبے میں خدائی منشاء کے تحت جنم لینے والی جماعت آج 200 سے زائد ممالک میں پھیل چکی ہے۔اس وقت دنیا میں تیزی سے بڑھنے والا مذہب اسلام ہے او ورلڈ کرسچین انسایکلو پیڈیا کے مطابق اسلام میں تیزی سے بڑھنے والی جماعت ’’جماعت احمدیہ‘‘ ہے۔

اس وقت دنیا میں جو بے چینی اور بد امنی پھیلی ہوئی ہے اور خاص طور پر مغربی میڈیا اسلام کی جو تصویر پیش کرتا ہے اس سے اسلام کا ایک منفی تصور قائم ہو گیا ہے۔جس کی وجہ سے اسلام کی اصل اور خوبصورت تعلیم نظروں سے اوجھل ہو گئی ہے۔ دنیا تباہی کے دہانے پر کھڑی ہے خوف اور عدم استحکام کی وجہ سے تیسری جنگِ عظیم کی باتیں ہو رہی ہیں اور اس بیچ ایک دھیمی مسکان اور مضبوط لہجہ دنیا کو امن اور آشتی کی راہ دکھاتے ہمارے اسلام کی حقیقی تصویر پیش کرتا ہے۔یہ چہرہ ہمارے پیارے امام حضرت مرزا مسرور احمد صاحب ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا ہے جو نہ صرف ہمارے لئے قابلِ صد احترام وجود ہیں بلکہ غیر بھی آپ کی امن پسند صلح جو اور معاشرتی رواداری کے دل سے قائل ہیں اور آپ سے ملنے کے بعد بلا تامل اقرار کرتے ہیں کہ معاشرے میں پھیلی خوف کی فضا کو امن کی حالت میں بدلنے کیلئے آپ کی تجاویز نہایت اثر انگیز ہیں۔ذیل میں ایسے لوگوں کے خیالات جذبات اور تاثرات نقل کیے جاتے ہیں جو آپ سے ملاقات کے بعد بلا جھجک ان کی زبانوں سے جاری ہوتے ہیں۔

mr.kwamura ناگویا جاپان کے میئر ہیں انہوں نے آپکی شخصیت کے متعلق کہا ہے ’’آپ ایک نہایت خوبصورت انسان ہیں بلکہ آپ کے خیالات بھی اتنے ہی خوبصورت ہیں آپ جیسے لوگ ہیں جنہیں نوبل انعام ملنا چاہئے‘‘

(الفضل انٹرنیشنل 31 جنوری 2014 ص 12)

mr yoslio Iwamura جو کہ ایک عیسائی پادری ہیں انہوں نے اپنی پہلی ملاقات کے بعد جو رائے دی وہ یہ تھی ’’حضرت خلیفۃ المسیح کی غیر معمولی فکری صلاحیت اور ساری دُنیا کے مسائل کے حل کی خواہش ہی اس بات کا ثبوت ہے کہ آپ

صرف جماعت احمدیہ کے ہی نہیں بلکہ پوری دنیا کے حقیقی لیڈر اور امام ہیں''۔ (الفضل انٹرنیشنل 31 جنوری 2014ص 13,12)

ایک اسکول کے پرنسپل نے اپنے خیالات کا اظہار کچھ اس طرح کیا ''میں اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ حضور کا پیغام اپنے اسکول کے بچوں کو تفصیل کے ساتھ نہ بتاؤں تو یہ ناانصافی ہوگی اسلام کا جو منفی تصور پہلے تھا حضورِ انور کے خطاب نے اسے بالکل تبدیل کر دیا ہے۔ میں دنیا کے موجودہ حالات کے بارہ میں پریشان تھا آج مجھے اس بات کی تسلی ہوئی ہے کہ دنیا کی رہنمائی کرنے والا کوئی انسان تو موجود ہے۔ اگر یہ پیغام دنیا تک نہ پہنچے تو دنیا تیسری عالمی جنگ کی بہت بڑی غلطی میں مبتلا ہوسکتی ہے۔'' (الفضل انٹرنیشنل 31 جنوری 2014ص 13)

اسی جاپانی عشائیہ میں ناگویا کے ساحلی علاقے 'چتاہان تو' سے آنے والے ایک جاپانی Mr Yama Zaki Hiroyoki نے کہا کہ ''آج کی خوبصورت مجلس اور حضورِ انور کی امن اور آشتی کے قیام اور پرامن ماحول پیدا کرنے کی مساعی پر مبنی تقریر بہت قابلِ ستائش ہے آپکی باتوں سے یہ حقیقت آشکار ہوئی ہے کہ اسلام بہت خوبصورت مذہب ہے جس کو بدنام کیا جا رہا ہے۔'' (الفضل انٹرنیشنل 31 جنوری 2014ص 13)

Mr Kaneko tomohiro ایک انشورنس کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیں انہوں نے کہا ''مجھے گزشتہ دس سال سے دنیا کے عجیب حالات اور جنگ عظیم کے بادل اُمڈتے نظر آتے اور فکر مند کرتے تھے آج حضور کی باتیں سنکر دل کو بہت خوشی ہوئی ہے کہ انسانی ہمدردی اور باہمی مؤاخات کے قیام کیلئے آپس کی نفرتیں اور فاصلے نہ بڑھائے جائیں اگر ایسا ہوتا رہا تو دنیا واقعی ایک خطرناک دَور میں داخل ہوجائے گی''۔

(الفضل انٹرنیشنل 31 جنوری 2014ص 12)

مذاہبِ عالم کانفرنس جو انگلستان میں منعقد ہوئی اور جہاں دُنیا بھر کے نمائندگان شامل تھے جنہوں نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ ان میں سے چند ایک کے تاثرات درجِ ذیل ہیں۔

اسرائیل کے چیف ربی کے نمائندہ Proff. Daniel Sperber Rabbi نے کہا ''میں نے دیکھا کہ حضورِ انور کے چہرے سے اپنائیت اور گرم جوشی چھلکتی ہے۔ انکو دیکھ کر ان میں ایک قوت جاذبہ نظر آتی ہے اور انسان ان کی طرف مائل ہونے لگتا ہے ان میں وہ تمام باتیں پائی جاتی ہیں جو ایک سچے لیڈر میں ہونی چاہئیں اگرچہ میری ملاقات حضورِ انور سے صرف چند لمحے کیلئے ہوئی ہے لیکن میں اس قدرتی کشش سے متاثر ہوئے بنا نہ رہ سکا جو ان کی شخصیت کا جزولازم ہے۔

(الفضل انٹرنیشنل 18 اپریل 2014ص 11)

Peter Quilter جو ویسٹ سرے کمرشل بینکنگ کے ڈائریکٹر ہیں ان کے تاثرات کچھ اس قسم کے تھے کہ ''میرے لئے اس تقریب میں شامل ہونا بہت ہی فائدہ مند ثابت ہوا جہاں آپکو کسی کی شخصیت متاثر کردے۔ سچی بات تو یہ ہے کہ میں اس جگہ سے زندگی کا ایک نیا مقصد لیکر جا رہا ہوں۔

(الفضل انٹرنیشنل 18 اپریل 2014ص 11)

ناروے سے تعلق رکھنے والے Stein villumstad جو کہ یورپین کونسل برائے مذہب کے جنرل سیکریٹری ہیں اور اس کانفرنس میں شامل تھے، جب حضورِ انور ایدہ اللہ بنصرہ العزیز ہال کے اندر تشریف لائے تو حضورِ انور کو دیکھتے ہی انہوں نے بے اختیار کہا! Man of peace۔

مسجد المہدی کی افتتاحی تقریب میں جو مہمان شامل ہوئے وہ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی شخصیت سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکے اور انہوں نے برملا اپنے خیالات اور جذبات کا اظہار کیا۔

ایک جرنلسٹ نے کہا کہ آپ کے خلیفہ کے چہرہ پر نور نظر آتا ہے۔ یہ خاموش بھی رہیں تو سارا دن ان کو دیکھنے کو دل کرتا ہے۔ کہ انسان دیکھتا ہی چلا جائے۔ (الفضل انٹرنیشنل 18 اپریل 2014ص 13)

Greek Orthodox Patriarch of Antioc سے تعلق رکھنے والے Father Ethelwine Richards نے کچھ ان الفاظ میں اپنے خیالات کا اظہار کیا ''میں حضور انور کی شخصیت اور پیغام کو دل سے سراہتا ہوں ہمیشہ کی طرح اس کانفرنس کی بہترین تقریر حضورِ انور کی تقریر ہی تھی۔''

(الفضل انٹرنیشنل 18 اپریل 2014ص 12)

Billy Tranger ناروے کی کرسچین ریپبلک پارٹی سے تعلق رکھتے ہیں کہتے ہیں ''خلیفہ نے اپنے پیغام کے آخر میں ایک بہت ہی اہم پیغام دیا ہے کہ ہم سب کو مل کر امن کے قیام کیلئے کام کرنا چاہیے۔ اور میرا خیال ہے یہی وہ امر ہے جس کی دنیا کو سب سے زیادہ ضرورت ہے۔ اس پیغام کی ہمیں ناروے میں بھی بہت ضرورت ہے۔''

(الفضل انٹرنیشنل 18 اپریل 2014ص 11)

ہمارے پیارے امام حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنی قیادت میں اسلام کا حقیقی اور روشن چہرہ دنیا کے سامنے پیش کیا ہے جو تشدد پسندی اور دہشت گردی کی دھول سے پاک ہے۔ اسلام کی حقیقی تعلیمات کے بارے میں تاریخی مذاکرات قرآن مجید اور حدیث کی روشنی میں براہ راست اسلام کا دفاع کیا ہے۔ سرحدوں کے پار امن اتحاد اور رواداری کے فروغ کی ان تھک کوششوں کی وجہ سے آپ بلا شبہ امن کے سفیر ہیں۔ اللہ تعالیٰ اسی طرح ہمیشہ آپ پر اپنی تائید و نصرت کے در وا رکھے اور ہر مقام پر کامیابیاں اور کامرانیاں عطا کرتا چلا جائے آمین۔ ''**انی معك یا مسرور**۔''

اتمامِ حُجّت

منظوم کلام: *حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام*:۔

نشاں کو دیکھ کر انکار کب تک پیش جائے گا
ارے اِک اور جھُوٹوں پر قیامت آنیوالی ہے

یہ کیا عادت ہے کیوں سچّی گواہی کو چھُپاتا ہے
تِری اِک روز اے گستاخ! شامت آنیوالی ہے

ترے مکروں سے اَے جاہل! مرا نقصاں نہیں ہرگز
کہ یہ جاں آگ میں پڑ کر سلامت آنیوالی ہے

اگر تیرا بھی کُچھ دیں ہے بدل دے جو مَیں کہتا ہوں
کہ عزّت مُجھ کو اور تُجھ پر ملامت آنیوالی ہے

بُہت بڑھ بڑھ کے باتیں کی ہیں تُو نے اور چُھپایا حق
مگر یہ یاد رکھ اِک دن ندامت آنیوالی ہے

خُدا رُسوا کرے گا تم کو مَیں اعزاز پاؤں گا
سُنو اے مُنکرو! اب یہ کرامت آنیوالی ہے

خُدا اظہار کرے گا اِک نشاں پُر رُعب و پُر ہیبت
دِلوں میں اِس نشاں سے اِستقامت آنیوالی ہے

خُدا کے پاک بندے دوسروں پر ہوتے ہیں غالب
مری خاطر خُدا سے یہ علامت آنے والی ہے

(از دُرِّ ثمین صفحہ 94)

حضرت سیّدہ عزیزہ بیگم صاحبہ (اُمِ وسیم)
حرم حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

مکرم سید کمال یوسف صاحب سابق مبلغ سلسلہ عالیہ احمدیہ۔ ناروے

امام الزمان سیدنا حضرت مسیح موعود و مہدی موعود علیہ والسلام کے شجرۂ طیبہ اور درخت وجود باجود سے پیوند ہونے والی خوش بخت خواتین مبارکہ میں سے یکے از بھاگوں والی ہستی الحاجہ سیّدہ عزیزہ بیگم بھی ہیں۔

آپ موصوفہ کو ماشااللہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی بہو ہونے کا شرف حاصل ہوا اور آپ پسر موعود حضرت مصلح موعودؓ کی حرم خامس بننے کے لئے منتخب ہوئیں۔ اور آپ اپنے فرزند اکبر حضرت صاحبزادہ مرزا وسیم احمد صاحب درویش قادیان و ناظر اعلیٰ صدر انجمن احمدیہ قادیان کے نام نامی خاص سے ''اُم وسیم'' کہلاتی تھیں۔ حضرت اُم وسیم احمد صاحبہ امیر الحجاج حضرت سیٹھ محمد ابوبکر یوسف صاحبؓ متوطن جدہ عرب اور الحاجہ حضرت عائشہ بیگمؓ کی چشم و چراغ تھیں۔ حضرت مسیح پاک علیہ السلام کے ایک خاص منشا مبارکہ اور مقاصد عالیہ کی تکمیل اور تعمیل کی نیت سے سیدنا حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ نے اس غریب الدیار عرب خاندان سے تعلق استوار کرنے سے پہلے خدا کے حضور راہ نمائی کے لئے جب دُعا اور استخارہ کا مسنون طریق اختیار فرمایا اور اس کے نتیجہ میں نہ صرف آپ ہی کو رؤیا صالحہ میں اللہ تعالیٰ نے اس رشتہ کے بابرکت ہونے کی بشارت عطا فرمائی بلکہ حضرت اُمّ المؤمنین حضرت نصرت جہاں بیگم رضی اللہ عنہا کو بھی آسمانی نوید سے نوازا گیا۔ چنانچہ یکم فروری 1926ء بروز دوشنبہ کو سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی مصلح موعود رضی اللہ عنہ کا نکاح حضرت مولانا محمد سرور شاہ صاحب رضی اللہ عنہ نے پڑھا۔ اس تقریب کے پس منظر میں کیا خاص عوامل شامل تھے اس کی وضاحت کے لئے حضرت مصلح موعودؓ کا ایک بیان ''چند ضروری باتیں'' کے عنوان سے اخبار الفضل قادیان کی 29 جنوری 1926 کی اشاعت میں منظر عام پر آیا اس الفضل کے دو اقتباسات قارئین کی خدمت میں پیش ہیں۔

''1914ء میں جب میری شادی امۃ الحیٔ مرحومہ سے ہوئی تھی اس وقت مکرمی ابوبکر صاحب جمال یوسف تاجر جدّہ نے مجھے لکھا تھا کہ جب سے میرے ہاں لڑکی پیدا ہوئی ہے میری خواہش تھی کہ میں اس کی شادی آپ سے کروں لیکن اس خیال سے کہ شاید آپ کو نکاح ثانی پسند نہ ہو خاموش تھا لیکن اب جبکہ آپ نے دوسری شادی کر لی ہے میں اس خواہش کا اظہار کر دیتا ہوں۔

میں نے انہیں تو کوئی جواب نہ دیا لیکن چونکہ میرا ہوش سنبھالتے ہی یہ خیال تھا کہ حضرت مسیح موعود الصلوٰۃ والسلام کی خواہش کو کہ مسلمانوں کی دوسری زبان عربی ہونی چاہئے پورا کرنے کا یہ بہترین طریق ہے کہ عربی بولنے والی عورتوں سے شادی کی جائے تا بچوں میں عربی کا چرچا ہو اس لئے میں نے یہ ارادہ کر

لیا تھا کہ میں اس جگہ ممکن ہوا تو شادی کروں گا اور اس کا اظہار بھی کرتا رہا جس کی اطلاع انہیں بھی ملتی رہی۔ 1924ء سیٹھ صاحب قادیان تشریف لے آئے اور گو میرے حالات اس وقت شادی کے متقاضی نہ تھے مگر چونکہ ایک رنگ کا وعدہ ہو چکا تھا میں نے حافظ روشن علی صاحب کی معرفت اس مسئلہ کو طے کرنا چاہا۔ معاملہ ایک حد تک طے ہو چکا تھا کہ امۃ الحئی صاحبہ کی طبیعت یکدم زیادہ بگڑ گئی اور دو چار دن میں فوت ہو گئیں۔ اس سے بات درمیان میں رہ گئی لیکن اس دوران میں مَیں نے بعض خوابیں دیکھیں جن سے معلوم ہوتا تھا کہ خدا تعالیٰ کے نزدیک اس جگہ شادی ہونی مقدر ہے مگر خوابیں چونکہ تعبیر طلب ہوتی ہیں میں نے خیال نہ کیا لیکن جلسہ کے قریب جبکہ پہلے خیال کو میں قطعی طور پر دل سے نکال چکا تھا میں نے پھر اسی قسم کی رؤیا دیکھی اور ادھر والدہ صاحبہ حضرت (اماں جانؓ) نے جو ان دنوں شملہ میں تھیں اس قسم کی رؤیا دیکھی جس سے یہی معلوم ہوتا تھا کہ خدا تعالیٰ کے نزدیک یہ شادی مقدر ہے لیکن تب بھی میں نے کوئی زیادہ توجہ نہ کی لیکن جلسہ کے موقعہ پر اور اس کے بعد چند اور لوگوں نے جن کو کچھ بھی اس امر کی واقفیت نہ تھی ایسی رؤیا سنائیں جن سے اس امر کا اظہار ہوتا تھا اس لئے میں نے استخارہ کر کے دوستوں سے مشورہ کیا اور اکثر دوستوں نے یہی مشورہ دیا کہ مجھے پچھلے وعدوں اور خوابوں کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ شادی بھی کر لینی چاہئے۔ چونکہ خوابوں سے معلوم ہوتا ہے کہ قضائے الٰہی یہی ہے اور میں خدا تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ رضائے الٰہی یہی ہو اس لئے میں نے فیصلہ کر لیا ہے، کہ میں اس جگہ نکاح کر لوں۔ سیٹھ صاحب مذکور نہایت مخلص آدمی ہیں اور ممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے اخلاص کو دیکھ کر ان کی خواہش کو پورا کرنے کے لئے یہ سامان کیا ہو اور یہ بھی ممکن ہے کہ اس رشتہ میں کوئی ایسا فائدہ ہو جو اس وقت مجھے نظر نہیں آتا اور آئندہ ظاہر ہو۔ وَ اللّٰہُ اَعْلَمُ۔

سردست تو یہی معلوم ہوتا ہے کہ سیٹھ صاحب کے اخلاص کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے متواتر اور کئی آدمیوں کو رؤیا کے ذریعہ سے اس امر کے منشائے الٰہی ہونے کا علم دیا ہے۔ سیٹھ صاحب کو یہ خصوصیت حاصل ہے کہ یکمشت جو بڑی سے بڑی رقم سلسلہ کو ملی ہے وہ انہی کی ہے۔ انہوں نے سترہ ہزار روپیہ 1918ء میں سلسلہ کی مدد کے لئے دیا تھا۔...غرض کہ میں سمجھتا ہوں کہ ان کے اخلاص کو دیکھ کر اللہ تعالیٰ نے ان کی خواہش کو پورا کرانے کے لئے خوابوں کا ایسا سلسلہ شروع کر دیا کہ جس سے میری توجہ مجبوراً پھر اس امر کی طرف پھر گئی‘‘

(الفضل 29 جنوری 1926ء صفحہ 1، 2)

حضور کے نزدیک تو اسلامی تمدن کے قیام اور قرآنی احکام کی تعمیل میں کسی اعتراض کا سوال ہی پیدا نہ ہوتا تھا تاہم حضور نے اس رشتہ کے سلسلہ میں جن احباب سے مشورہ لیا ان میں سے بعض نے لوگوں کے معترض ہونے کے اندیشہ کا ذکر کیا۔ اس امر کی وضاحت کرتے ہوئے حضور فرماتے ہیں:۔

’’جن دوستوں سے میں نے مشورہ کیا ہے ان میں سے بعض نے کہا ہے کہ ایسا نہ ہو کہ لوگ اعتراض کریں کہ اس رشتہ کی کیا ضرورت تھی؟ میں سمجھتا ہوں اعتراض یا دشمن کر سکتا ہے یا دوست، دشمن کے اعتراض کی تو کچھ پرواہ ہی نہیں وہ کیا رسول کریم ﷺ پر اعتراض نہیں کرتا؟ باقی رہے دوست سو دوستوں کو میں ایسا نہیں سمجھتا کہ وہ اس کام پر جو رؤیا کی بناء پر کیا جاتا ہے اعتراض

کریں۔ چار شادیوں تک تو شریعت نے خود اجازت دی ہے۔ اور مجھے خدا تعالیٰ نے بچپن سے ہی ایسی زندگی میں سے گزارہ ہے کہ اعتراضوں کی جب وہ بے ہودہ ہوں پرواہ ہی نہیں۔ میرا جسم اعتراضوں کی کثرت سے اعتراضوں کی برداشت کے لئے اس قدر مضبوط ہو چکا ہے کہ اب اس پر کوئی اعتراض اثر نہیں کرتا نہ لوگوں کی رضا سے میں خوش ہوتا ہوں نہ ان کی ناراضگی سے ناراض۔ مجھے تو صرف خدا تعالیٰ کی رضا چاہئے اور اس کی رضا کو پورا کرنے کے لئے دشمن تو الگ رہے اپنے دوستوں سے بھی مجھے الگ ہونا پڑے تو مجھے ایک ذرہ بھر بھی ملال نہ ہو۔''

(الفضل 29 جنوری 1926ء صفحہ 2)

حضرت اُم وسیم احمد صاحبہ خاکسار کی بڑی پھوپھی تھیں۔ آپ کے مختصر سے ذکر خیر کے ساتھ اس عاجز کو براہ راست سیدنا حضرت المصلح الموعود رضی اللہ عنہ کی زیر کفالت اور آپ موصوفہ کے زیر سایہ عطوفت سال 1954 تا 1956 کا کچھ عرصہ قصر خلافت میں آپ کی ہمہ وقت مربیانہ شفقتوں اور بے شمار عنایتوں سے لطف اندوز ہونے کی سعادت حاصل رہی اس کا جستہ جستہ تذکرہ پیش ہے۔

سال 1954-1955 میں خاکسار جامعۃ المبشرین ربوہ میں زیر تعلیم تھا اور خاکسار احمد نگر سے ربوہ آکر جامعہ ربوہ کے ہاسٹل میں رہائش پذیر ہوا تو آپ کا مشفقانہ اصرار تھا کہ خاکسار ہاسٹل چھوڑ کر آپ کے ہاں قصر خلافت میں قیام پذیر ہو اور آپ کا اس ناچیز پر یہ ایسا احسان تھا کہ خاکسار اسے کبھی بھول نہیں سکتا۔

حضرت اُم وسیم احمد صاحبہ کے گھر میں قیام کی برکت سے خدا کے فضل سے تمام نمازیں حضرت المصلح الموعود رضی اللہ عنہ کی امامت میں مسجد مبارک میں پڑھنے کی توفیق ملتی رہی اور یہ ایک نعمت غیر مترقبہ تھی۔ الحمد للہ۔

جامعۃ المبشرین سے فارغ ہو کر ظہر کی نماز سے قبل گھر قصر خلافت آنا ہوتا تھا۔ گھر پہنچتے ہی ظہرانے کا اور نماز ظہر کا وقت اتنا قریب ہوتا کہ کھانے میں ذرا سی تاخیر سے بھی ظہر کی باجماعت نماز سے محروم ہونے کا دھڑکا لگا رہتا۔ خاکسار کو یاد نہیں کہ خاکسار کے تقریباً اڑھائی سال کے قیام کے عرصہ میں کبھی ایک دفعہ بھی ایسا ہوا ہو کہ خاکسار کو ظہر کی نماز باجماعت نہ ملی ہو یا اس سے پہلے ظہرانہ بروقت نہ ملا ہو

حضرت اُم وسیم احمد صاحبہ خاکسار کی نماز باجماعت کا اسقدر خیال رکھتیں کہ خاکسار کے گھر میں قدم رکھتے ہی ملازمہ کو آواز لگاتیں کہ جلد کھانا نکال لاؤ کہیں نماز میں تاخیر نہ ہو جائے۔

حضرت المصلح موعود رضی اللہ عنہ کے فیض تربیت کے نتیجہ میں آپ کی یہ عادت تھی کہ جب خاکسار (عصر) کی نماز کے بعد گھر حاضر ہوتا تو آپ خاکسار کو بلا ناغہ تلقین فرماتیں کہ فلاں فلاں صحابہ کرام کی خدمت میں حاضر ہو کر میری طرف سے دُعا کی درخواست کر کے آؤ۔ ربوہ میں مقیم تمام صحابہ کرامؓ کے اسماء گرامی اور وہ کہاں کہاں رہائش پذیر ہیں یہ سب آپ کو ازبر تھے۔ خاکسار از خود تو اپنی طبعی افتاد کی (جھجک) میں شاید کبھی اتنی جرأت نہ کرتا کہ بغیر کسی تقریب کے ان عالی مقام بزرگوں کے گھروں میں جا حاضر ہوتا مگر آپ ہی موصوفہ کا خاکسار پر احسان تھا کہ حضرت مولانا غلام رسول صاحب راجیکیؓ، حضرت مولانا محمد ابراہیم صاحب بقاپوریؓ، حضرت سید مختار احمد صاحب شاہ جہان پوریؓ، حضرت قاضی محمد عبداللہ صاحبؓ، حضرت قاضی محمد اکمل صاحبؓ، حضرت مفتی محمد صادق صاحبؓ، حضرت مولوی محمد دین صاحبؓ، حضرت چوہدری فتح محمد سیال صاحبؓ، حضرت عبدالرحیم صاحب دردؓ

حضرت صوفی غلام محمد صاحبؓ، حضرت ولی اللہ شاہ صاحبؓ، حضرت ڈاکٹر حشمت اللہ صاحبؓ دیگر عظیم صحابہ کی صحبت سے فیض یاب ہونے کی سعادت حاصل ہوئی۔ اللھم اجزا ھاجزاً جزیلاً

اس زمانہ کی اہم دعاؤں میں ایک خاص دعا تو وہ دُعا تھی جو تمام محبان باصفا حضرت سیدنا مصلح موعودؓ کی صحت وسلامتی کے لئے نہایت الحاح اور تڑپ سے خدا کے حضور کر رہے ہوتے اور اس کے علاوہ آپ اپنی ذات کے لئے جو خاص دعا کیا کرتیں۔ اور جس دُعا کا بہت تکرار کرتیں۔ وہ یہ دُعا ہوتی کہ ان کی وفات ان کے اپنے شوہر نامدار کی زندگی میں ہو۔ اور آپ کو اپنی اس دُعا کے قبول ہونے کا اس قدر یقین تھا کہ آپ اپنے متعلق اکثر فرمایا کرتیں کہ ''ہم تو چراغ سحری ہیں''۔ بہرحال خدا تعالیٰ نے آپ کی دُعا کو شرف قبولیت سے نوازا اور آپ کی وفات سیدنا حضرت المصلح الموعودؓ کی زندگی میں ہوئی۔ اللھم نور مرقدھا

آپ اگرچہ ایک عرصہ سے ذیابیطس کے مرض میں مبتلا تھیں اور روزانہ آپ کو انسولین کا ٹیکہ لگتا تھا تاہم جس روز آپ کے ہاں سیدنا حضور اقدس کی باری ہوتی اور حضور انور آپ کے گھر کی رونق بنتے ان دنوں بڑی مستعدی اور لگاؤ اور خاص اہتمام سے گھر کی ہر خدمت میں جتی رہتیں۔ آپ کو اپنی بزرگ والدہ ماجدہ کی۔ جو کئی سال سے معذور ہو کر بستر علالت سے لگ رہیں۔ اور آپ کے پاس ہی رہتی تھیں۔ کی خدمت کی توفیق ملی ایسے ہی اپنے والد بزرگوار کی آخری علالت کے ایام جو آپ ہی کے گھر آ گئے تھے خدمت کی توفیق ملی۔

آپ کی لمبی بیماری میں سیدنا حضرت المصلح موعود رضی اللہ عنہ کی طرف سے علاج معالجہ کے لئے حضرت ڈاکٹر حشمت اللہ صاحبؓ متعین تھے جنہوں نے اس فریضہ کو خوب نبھایا۔

جزاھم اللہ احسن الجزا۔

آپ کے فرزند صاحبزادہ مرزا نعیم احمد صاحب ہمہ وقت خدمت کے لئے موجود رہتے اور آپ نے اپنی والدہ کی دعاؤں سے خوب حصّہ پایا آپ کے فرزند اکبر حضرت صاحبزادہ مرزا وسیم احمد صاحب جو مرکز قادیان دارلامان کے مقدس تبرکات کی حفاظت پر خادمانہ زندگی گذارتے رہے ان کی تقریباً سولہ سالہ جدائی کو آپ محسوس تو کرتی ہوں گی مگر زبان سے اس کا اظہار بہت کم کم کرتی تھیں۔

خاندان ابراھیم علیہ السلام کی قربانی کی اس سنت کو خاندان مسیح پاک علیہ الصلوٰۃ والسلام میں زندہ رکھنا بھی آپ کا ماشاللہ طرۂ امتیاز ہے۔ ذلك فضل الله يو تيه من يشاء۔

حضرت مصلح الموعود رضی اللہ تعالیٰ کی عائلی زندگی مطالبات تحریک جدید کی جیتی جاگتی تصویر تھی۔ جس طرح سیدی حضور انور بنفس نفیس بظاہر سفید پوشی کے بھرم رکھتے ہوئے جزرسی اور کفائیت شعاری میں ساری جماعت کے لئے نظیر تھے۔ ویسے ہی آپ کے تمام اہل بیت سبھی خورد ونوش، لباس، رہن سہن کے اہتمام میں غیر معمولی تکلّفات سے مبرا اور سادہ شعار تھے۔

حضرت اُم وسیم صاحبہ کی کفالت میں۔ جب وہ ربوہ مقیم تھیں۔ ایک تو آپ کی بزرگ والدہ ماجدہ تھیں۔ پھر آپ کے چھوٹے صاحبزادے مرزا نعیم احمد افسر امانت تحریک جدید تھے۔ خاکسار کے علاوہ ایک مستقل ملازم تھیں۔ جب آپ کی والدہ ماجدہ مستقلاً صاحب فراش ہوگئیں تو ان کے لئے علیحدہ سے ایک مزید ملازمہ رکھنی پڑی اس طرح ہم کل چھ افراد تھے (باری سے حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ بھی رونق افروز ہوتے)۔ ان چھ افراد کے جملہ اخراجات کے لئے اگر خاکسار بھول چوک کا شکار نہیں تو حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ کی جیب خاص سے 130 (ایک سوتیس) روپے کے لگ بھگ نپا تلا بجٹ ملتا۔

خدا کے فضل سے اس رقم میں ایسی برکت پر برکت تھی کہ نہ صرف یہ کہ باحسن ساری ضروریات زندگی پوری ہو جاتیں بلکہ مہمان نوازی، غریب پروری وغیرہ کے علاوہ جماعت کی تمام مالی تحریکات میں بھی حصّہ لینے کی توفیق ملتی۔

گھر میں صرف ٹین کا ایک بڑا ٹرنک تھا جس میں ہم سب کے پہننے کے کپڑے بآسانی سما جاتے پھر بھی مزید کی گنجائش رہتی۔اس کے علاوہ ٹین کی ایک بڑی پیٹی میں موسم سرما کے لئے بستر ہوتے۔

حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے اہل بیت میں غالباً ساڑھی تو کبھی نہیں پہنی گئی۔قمیض شلوار ہی بالمعموم خواتین مبارکہ کا پہناوا رہا۔بڑی پھوپھی جان قمیض کے ساتھ ہمیشہ تنگ پائجامہ پہنتی تھیں۔ربوہ میں گھر سے باہر پیدل تو شاذ ہی جانا ہوتا۔اگر کہیں جاتیں تو ان کا نقاب اوڑھنے کا طریق عرب خواتین کی طرح کا ہوتا جن سے صاف ظاہر ہوتا کہ یہ کوئی ہندوستان کی خاتون نہیں ہیں۔سنگھار، پٹی کے کونسے تکلّفات ان کے پاس تھے خاکسار کے علم میں صرف ٹیلکم پاؤڈر ہے جو ربوہ میں عام ملتا تھا۔گاہے گاہے استعمال میں رہتا۔شادی بیاہ پر لپ اسٹک لگا لیتیں۔ سادہ سی انگوٹھی پہنتی تھیں۔کوئی اور زیور خاکسار نے نہیں دیکھا۔ خوشبو کے لئے الکوحل کے پرفیومز،فیس ماسک وغیرہ تو گھر نہیں تھے البتہ حضرت المصلح موعود کے اپنے تیار کردہ عطریات استعمال میں رہتے۔گرمیوں میں سیلنگ فین کی سہولت تھی۔ایر کنڈیشنڈ نہیں تھا، نہ ہی غسلخانہ میں فلش تھا۔بیٹھک میں ایک سادہ سا صوفہ سیٹ تھا جو کراچی کے کسی فرنیچر کے تاجر نے ھدیۃً دیا ہوا تھا۔ان کے اپنے کمرہ میں نہ کوئی ٹی وی تھا نہ کوئی ریڈیو۔

حضرت اُم وسیم احمد صاحبہ تابندہ بخت ایسی خاتون تھیں جنہیں بغیر کسی ذاتی بڑائی کے محض مسیح پاک علیہ السلام کی بہو بننے کے طفیل زمین وآسماں کے لعل وبے بہا لگ چکے تھے اور محض سیدنا حضرت المصلح موعود رضی اللہ عنہ کی طرف منسوب ہونے کی وجہ سے کچھ ایسے بھاگ جاگ اُٹھے تھے کہ وہ کچھ بھی نہ ہو کر بھی محض فضل خاص سے وہ کچھ ہو گئیں۔جن کو قیامت تک کی احمدی نسلیں انشاء اللہ العزیز بڑی محبت سے ان کے لئے ان کی مغفرت کی دُعائیں کرتی رہیں گی۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆

دین کو دُنیا پر مقدم کرنا

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:

’’ہمیں ہمیشہ یاد رکھنا چاہئے کہ مقاصد کا اعلیٰ اور عمدہ ہونا کافی نہیں جب تک قربانی اور فدائیت بھی اس کے مطابق نہ ہو۔ہمیں اللہ تعالیٰ کی رضا اُس وقت حاصل ہوگی جب دُنیا ہمارے دین پر حاوی نہیں ہوگی بلکہ دین دُنیا پر حاوی ہوگا۔ اگر ہمارے لڑکے اور لڑکیاں اس بات کا خیال رکھیں بلکہ ان کے ماں باپ بھی تو دین مقدم کرنے سے گھروں کے مسائل بھی حل ہو جائیں گے اور وہ مقصد بھی حاصل ہو جائے گا جو ایک مومن کا مقصد ہے کہ خُدا تعالیٰ کی رضا حاصل ہو۔‘‘

تعارف کتاب

حضرت مسیح موعودعلیہ الصلوٰۃ والسلام

حقیقۃ الوحی

طاہرہ زرتشت مجلس کلوفتہ

حضرت مسیح موعودعلیہ السلام نے یہ کتاب تصنیف کی۔ آپؑ کی یہ سب سے زیادہ ضخیم اور جامع کتاب ہے۔ اِس کتاب میں قرآنی حقائق و معارف کے علاوہ اپنی صداقت کے دوسو سے زائد آسمانی نشانات درج فرمائے ہیں۔ یہ کتاب دہریّت اور مادیّت کے پیدا کردہ زہر کا علاج ہے۔ اِس میں حُضورؑ نے وَحی ،اِلہام اور سچّی رُؤیا کی حقیقت بیان فرمائی ہے۔

حضرت مسیح موعودعلیہ السلام نے یہ کتاب 1906ء میں لکھنی شروع کی اور 15 مئی 1907ء کو شائع ہوئی۔ وَحی اِلہاماور رؤیا صادقہ کی حقیقت کے بارہ میں حضورعلیہ السلام نے اِس میں چار ابواب قائم فرمائے ہیں۔

کتاب کے چار ابواب

یہ چار ابواب مندرجہ ذیل ہیں:۔

نمبر 1: باب اوّل میں اُن لوگوں کا تذکرہ ہے۔ جنہیں بعض سچّی خوابیں آجاتی ہیں یا بعض سچے اِلہام ہو جاتے ہیں۔ لیکن اُن کو خُدا تعالیٰ سے کچھ بھی تعلق نہیں۔

نمبر2: دوسرا باب اُن لوگوں کے بارہ میں ہے۔ جنہیں بعض اوقات سچّی خوابیں آجاتی ہیں یا سچّے اِلہام ہو جاتے ہیں۔ لیکن اُن کو خُدا تعالیٰ سے کوئی تھوڑا بہت تعلق تو ہے لیکن زیادہ بڑا تعلق نہیں۔

نمبر3: تیسرا باب اُن لوگوں کے بارہ میں ہے جو خُدا تعالیٰ کی طرف سے مکمل صاف اور واضح وَحی پاتے ہیں۔ اور اُنہیں شرفِ مکالمہ ومخاطبہ حاصل ہوتا ہے۔ خوابیں اُن کو صُبح صادق کی طرح سچّی اور صاف آتی ہیں۔ اور وہ لوگ خُدا تعالیٰ سے اکمل اور اَتّم اور پاک تعلق رکھتے ہیں۔ جیسا کہ خُدا تعالیٰ کے پسندیدہ نبیوں اور رسولوں کا تعلق ہوتا ہے۔

نمبر4: چوتھے باب میں حضور نے اپنے حالات کے بارے میں بتایا ہے۔ اور قبولیّتِ دُعا کے بیسیوں نشانات اور سینکڑوں پیش گوئیوں کے پورا ہونے کا ذکر فرمایا ہے۔

حضورعلیہ السلام نے جن چونسٹھ سے زائد علماء کو مباہلہ کے لئے چیلنج یا تھا۔ اِس کتاب کی تصنیف تک اُن میں سے صرف بیس زندہ تھے اور خُدائی غضب کا نشانہ بن رہے تھے۔ اِس طرح حُضور کے اِلہام اِنِّی مُهِينٌ مَنْ اَرَادَ اِهَانَتَكَ کی بزبانِ حال تصدیق کر رہے تھے۔ اِن کے علاوہ لیکھرام، جان الیگزنڈر ڈوئی اور عبداللہ آتھم جو خُدا تعالیٰ کی قہری تجلّی کے نشانات تھے۔ اُن کی تفصیل بھی اِس کتاب میں ملتی ہے۔

سوالات کے جوابات

شاہ جہان پُور کے ایک عالم ابویحیٰ مولوی محمد صاحب نے نے نو سوالات لکھ کر بھجوائے اور اُن کے جواب کی درخواست کی۔ اِس کتاب میں حضورعلیہ السلام نے اُن کے سوالات کے بھی مُفصّل جوابات دیئے۔

اَلاِسۡتَفۡتَاء: حضرت مسیح موعودعلیہ السلام نے فُقہائے

مِلّتِ اسلامیہ تک دعوتِ حق پہنچانے کے لئے فصیح و بلیغ عربی میں ایک رسالہ لکھا۔ جس کا نام **اَلْاِسْتِفْتَاء** رکھا۔ اور اِسے اِس کتابِ وَحی کے آخر میں بطورِ ضمیمہ شامل فرمایا۔ اِس میں حضور نے اپنی تائید میں آسمانی نشانات کے ظہور کی مثالیں دے کر اُن سے فتویٰ طلب فرمایا ہے کہ کیا ایسا انسان جھوٹا ہو سکتا ہے۔ جس کی تائید میں بکثرت نشانات نازِل ہو رہے ہیں۔

کتاب کا مطالعہ:

حضور علیہ السلام نے تمام مسلمانوں، آریوں اور عیسائیوں کے آئمہ سے یہ کہا ہے کہ وہ تقویٰ، دین داری اور غیر جانبداری سے اس کتاب کو اوّل سے آخر تک پڑھیں۔ اس کے بعد وہ جس نتیجہ پر پہنچیں اُس کے لئے وہ خُدا تعالیٰ کے سامنے جوابدہ ہیں۔

حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے مسلمانوں، عیسائیوں اور ہندوؤں کو خُدائے ذوالجلال کی قسم دے کر حقیقۃ الوحی کا مطالعہ کرنے کی تاکید فرمائی ہے۔ اِس سے ہم جو جماعتِ احمدیہ کے اَفراد ہیں۔ ہمیں احساس ہونا چاہیے کہ ہمارے لئے اِس کا مطالعہ کس قدر ضروری ہے۔ خاص طور پر ہماری نوجوان بچیوں اور بچوں کے لئے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو "سلطان القلم" حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کتب کے مطالعہ کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین

منظوم کلام!

حضرت مرزا بشیر الدّین محمود احمد المصلح الموعود

سنگ باری سے بھی ان کو کچھ نہ ہوگا اجتناب
بے جھجک دکھلائیں گے وہ تم کو تیغِ آبدار
پَر خُدا ہو گا تمہارا ہر مصیبت میں معین
شرُ سے دشمن کے بچائے گا تمہیں لیل و نہار
اُس کی اُلفت میں کبھی نقصاں اُٹھاؤ گے نہ تم
اُس کی اُلفت میں کبھی ہوگے نہ تم رُسوا و خوار
اِمتحاں میں پورے اُترے گر تو پھر انعام میں
جامِ وصلِ یار پینے کو ملیں گے بار بار
تم پہ کھولے جائیں گے جنّت کے دروازے یہیں
تم پہ ہو جائیں گے سب اسرارِ قدرت آشکار
درد میں لذت ملے گی دُکھ میں پاؤ گے سُرور
بے قراری بھی اگر ہوگی تو آئے گا قرار
سرنگوں ہو جائیں گے دشمن تمہارے سامنے
مُلتجی ہوں گے برائے عفو وہ با حالِ زار
الغرض یہ عشقِ مولیٰ بھی عجب اِک چیز ہے
جو گداگر کو بنا دیتا ہے دم میں شہر یار
بس یہی اِک راہ ہے جس سے کہ ملتی ہے نجات
بس یہی ہے اِک طریقہ جس سے ہو عزّ و وقار

(از کلامِ محمود صفحہ 77)

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطاب

فرمودہ برموقع ریفریشر کورس جنوری 2014 زیرانتظام عہدیداران لجنہ اماء اللہ برطانیہ

لجنہ اماء اللہ کی ممبرات اور بالخصوص عہدیداروں کو نہایت اہم نصائح

مبشرہ مبارکہ حامد مجلس درامن

☆ **لجنہ کی عہدِ داران جنہیں مختلف ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں انہیں چاہئے کہ وہ انقلابی روحانی تبدیلیاں اپنے اندر پیدا کریں۔**

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا: ...حضرت مسیح موعود علیہ السلام اسلام کی خالص اور پاکیزہ تعلیمات کو دوبارہ دُنیا میں قائم کرنے کے لئے تشریف لائے تھے۔اسی وجہ سے سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے فرمایا تھا کہ آپؑ کو صادق کے طور پر بھیجا گیا ہے...**جن کا مقصد ایک ایسی جماعت کا قیام تھا جو خدا تعالیٰ سے خالص محبت کرنے والی ہو۔**

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا: میں آپ کو یہ یاددہانی کروانا چاہتا ہوں کہ..جو کچھ معلومات آپ نے یہاں سے حاصل کی ہیں وہ آپ دوسری ممبرات تک پہنچائیں اور سب سے اہم پیغام جو آپ دوسروں تک پہنچائیں وہ یہ ہے کہ خدا تعالیٰ کی محبت دِلوں میں پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔مگر یہ **عظیم مقصد حاصل نہیں ہوسکتا جب تک آپ خود خدا تعالیٰ کے ساتھ ایک مخلصانہ اور سچا تعلق پیدا کرنے میں کامیاب نہ ہوں۔**

جب آپ اللہ تعالیٰ سے سچّی محبت پیدا کر لیں تو صرف تب ہی آپ اپنے تمام کام خدا تعالیٰ کی رضا کے لئے کرنے والی ہوں گی۔ جب خدا تعالیٰ سے حقیقی رنگ میں محبت پیدا کر لیں تو صرف اُسی صورت میں آپ دنیا کی محبت اور مادی چیزوں کی محبت کو دھتکار سکیں گی۔ جب آپ اس مقام پر پہنچ جائیں گی تو پھر اللہ تعالیٰ کی محبت ہر دوسری چیز پر غالب آجائے گی۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا: ہمیشہ یاد رکھیں کہ سیدنا حضرت مسیح موعودؑ کا فرمان ہے کہ **سچائی، دیانتداری، مخلوق سے شفقت یہ تینوں خُلق میری جماعت کے امتیازی نشان ہیں۔ اس لئے ہر جماعتی عہدیدار کو سچائی کا بہت اعلیٰ معیار پیش کرنا ہوگا۔** اِس کا معیار قرآنِ کریم نے واضح طور پر بیان فرما دیا ہے کہ اگر تمہیں اپنے یا اپنے والدین یا اپنے پیاروں کے خلاف بھی گواہی دینی پڑے تو دو۔ یہ سچائی کا وہ معیار ہے جسے ہر عہدیدار کو پیش کرنا ہوگا۔ جب سچائی اور دیانتداری کا یہ معیار آپ پیش کر رہی ہوں گی تو اس صورت میں جو بھی ذمہ داری آپ کے سپرد کی گئی ہو آپ اُس کی اہل ہوں گی۔اور صرف اسی صورت میں آپ ان فرائض کو صحیح رنگ میں ادا کر سکیں گی جو لجنہ اماء اللہ کے سپرد کئے جاتے ہیں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا: سچائی کا تقاضا ہے کہ جب آپ لجنہ کی کارکردگی کی رپورٹ بھجوائیں تو وہ بالکل

سچی اور صحیح رپورٹ ہو۔ آپ کو رپورٹ محض اس غرض سے نہیں بھیجنی چاہئے کہ اعلیٰ نمبر یا اعلیٰ پوزیشن حاصل ہو۔ اسی طرح جب اجتماعات وغیرہ میں آپ کسی مقابلہ میں حصّہ لیں تو آپ کی غرض یہ نہیں ہونی چاہئے کہ آپ انعام حاصل کر سکیں بلکہ آپ کی خواہش یہ ہونی چاہئے کہ اس ذریعہ سے آپ اپنے علم میں اضافہ کرنے والی ہوں اور دوسروں کو بھی اس علم کا فیض پہنچانے والی ہوں۔ **لجنہ اماء اللہ کی تمام ممبرات اسی جذبہ کے تحت اپنے پروگراموں اور تقاریب کی تیاری کیا کریں۔ ساتھ ہی اس بات پر نظر رکھیں کہ ہر حال میں سچائی اور دیانتداری کو فوقیت دینی ہے۔**

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا: ایک اور اہم خلق جو تمام جماعتی عہدیداروں میں ہونا چاہئے وہ شفقت اور ہمدردی ہے۔ جماعتی عہدیدار ہونے کی حیثیت سے آپ کو اپنے ماتحتوں اور جماعت کے دوسرے افراد کے ساتھ نرمی اور رحم دلی کے ساتھ پیش آنا چاہئے۔ **آپ کے دلی محبت اور شفقت کے جذبات دوسروں کو آپ کے اور بھی قریب کر دیں گے اور اس سے جماعتی کاموں کی طرف بھی کشش پیدا ہوگی اور اس طرح ان کا جماعت سے تعلق بھی مضبوط ہوگا۔**

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا: ایک بہت ہی اہم اور بنیادی نصیحت جو حضرت مسیح موعودؑ نے فرمائی، یہ تھی کہ آپ کے ماننے والے صرف لفّاظی کی حد تک نہ رہیں بلکہ اشد ضرورت اس بات کی ہے کہ وہ اپنی اصلاح پر توجہ مرکوز کریں۔ اس لئے ضروری ہے کہ آپ سب اس طرف خاص توجہ دیں۔ اسی وجہ سے مَیں نے حال ہی میں بہت سے خطبات جمعہ ذاتی اصلاح کرنے کے موضوع پر دیئے ہیں۔ ہر شخص کو ان امور پر توجہ دینی چاہئے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا: سب سے پہلے تو عہدیداروں کا یہ فرض ہے کہ وہ خود یہ خصوصیات اپنے اندر پیدا کریں پھر دوسروں میں بھی انہیں پھیلائیں اور رائج کریں۔ اس طرح ایک کے بعد دوسرا نیک نمونہ قائم ہوگا۔ اس طرح اسلام کا درخت ہمیشہ حفاظت میں رہے گا اور مسلسل پھلتا پھولتا اور بڑھتا رہے گا.... اس کی حفاظت مثالی مسلمان بن کر کی جا سکتی ہے، مزید فرمایا کہ اس کو حاصل کرنے کا طریق یہ ہے کہ قرآن کریم کو پڑھا جائے اور اس کی پاک تعلیمات کو اپنی زندگی میں عمل کے ذریعہ قائم کرنے کی ہر ممکن کوشش کی جائے... دوسرا ذریعہ اس درخت کی حفاظت کا یہ ہے کہ جو اچھی خصوصیات آپ خود حاصل کر لیں وہ دوسروں میں بھی پیدا کرنے کی کوشش کریں۔ لہٰذا جو بھی اچھی عادت یا صلاحیت آپ اپنے اندر پیدا کرنے میں کامیاب ہوں، وہ دوسرے احمدیوں میں بھی پیدا کرنے کی کوشش کریں جن کے ساتھ آپ رابطہ میں ہوں یا جہاں آپ اثر رکھتے ہوں۔ حضور نے فرمایا کہ اس کام کو ہمیشہ محبت اور شفقت کے ساتھ کریں۔

☆ **یہ بھی یاد رکھیں کہ صرف جماعت کے افراد کی تربیت کرنا ہی آپ کا فرض نہیں بلکہ حقیقت یہ ہے کہ ایک اور بہت عظیم ذمہ داری جو آپ پر ڈالی گئی ہے وہ تبلیغ ہے۔ اس لئے ضروری ہے کہ اسلام کی سچی اور خوبصورت تعلیمات کو ساری دُنیا میں پھیلائیں۔** (مرتب از الفضل انٹرنیشنل، 25 اپریل 2014)

معلوماتی:

آگ سے بچاؤ کی تدابیر

سیدہ امتہ السلام عقیل مجلس پرنسدال

آگ سے بچاؤ مشکل نہیں ہے اگر آپ کو علم ہے کہ آگ بجھانے کے طریقے کیا ہیں۔ جیسا کہ آپ کو پتہ ہے کہ آگ لگنے کے لئے گرمی ،آکسیجن اور ایک جلنے والی چیز چاہئے ہوتی ہے۔ اگر ان میں سے ایک چیز بھی ہٹا دیں تو آگ بجھ سکتی ہے۔

Standoxd Roykvarsler

جو **Standoxd Roykvarsler** ہوتا ہے اس میں زیادہ تر **litum** بیٹری استعمال ہوتی ہے۔ جو کہ پانچ، چھ سال سال تک بدلنی نہیں پڑتی۔ بعض اوقات Roykvarsler چل جاتا ہے۔ اس لئے ضروری ہے کہ تقریباً ہر ماہ Roykvarsler اتار کر اس کو اندر سے صاف کرنا چاہیئے۔ بعض دفعہ دھول مٹی اس میں پھنس جاتی ہے یا جب آپ گھر پینٹ وغیرہ کر رہے ہوں تو اس پر شاپر چڑھا دیں۔ جب آپ Roykvarsler کو صاف کرنے کے لئے اتاریں تو صاف کرنے کے بعد اس کا ٹیسٹ بٹن دبا کر ضرور دیکھ لیں کہ یہ چل رہا ہے کہ نہیں

- ☆ **Optiske roykvarsler**
- ☆ **Loniske roykvarsler**

Optiske roykvarsler کچن میں یا کچن کے باہر واسکیری میں لگانے چاہئیں۔

Ioniske roykvarsler سٹور میں لگانے چاہئے۔ یہ ذہن میں رکھیں کہ کم سے کم پر 40m2 میں ایک Roykvarser ہونا چاہئے۔

Roykvarsler اصل میں ہر etasje پر بیڈ روم اور کاریڈور میں لگنے چاہیں۔ اس کے علاوہ Brannslokker ہر etasje پر ہونا چاہئے جہاں آپ آسانی سے اور جلدی پہنچ سکتے ہیں۔

Roykvarsler اپنے گھر میں وہاں لگائیں جہاں آگ لگنے کا زیادہ خطرہ ہو۔ مثلاً ایسے کمرے میں جہاں ٹی وی، استری، واشنگ مشین، کافی میکر، اوون یا آگ لگنے والا لیکوئیڈ ہو۔

Roykvarsler کہاں کہاں لگانے چاہیں اس کے بارے میں آپ Lokal Brannvern forhandle یا Aktiv Brann والوں سے بھی رجوع کر سکتے ہیں۔

اور یہ بھی ذہن میں رہے کہ Roykvarsler جو کہ چھت میں لگتے ہیں وہ دیوار سے 50cm کے فاصلے پر ہوں۔ اگر چھت میں Roykvarsler نہیں لگ سکتا تو یہ دیوار پر بھی لگا سکتے ہیں۔ لیکن چھت سے 15cm کے فاصلے پر ہوں۔ Roykvarsler اوون یا vifte کے پاس یا کسی ایسی جگہ جہاں پر بھاپ پہنچتی ہو نہ لگائیں۔ ایسے کمرے میں Roykvarsler نہیں لگانا چاہئے جہاں ٹھنڈ ہو اور ٹمپریچر سٹیبل نہ ہو۔ یعنی ٹمپریچر اوپر نیچے ہوتا رہے۔

اگر چھت ترچھی ہے تو Roykvarsler چھت سے 50cm دور لگائیں۔

Flatpakket Brannslange

آگ بجھانے کے لئے Flatpakket Brann Slange کا استعمال بہت ہی آسان ہے اور یہ تھوڑی جگہ گھیرتا ہے۔ اس کو آپ آسانی سے کچن یا باتھ روم کی دراز میں رکھ سکتے ہیں۔

Flatpakket Brannslange استعمال کرنے پر 30 سال تک قابل استعمال ہے۔ یہ سینک کے نزدیک ہونا چاہئے۔ جہاں ضرورت کے وقت آپ اس کو اچھی طرح نکال کر ویسے ہی پیک کر دیں۔

Brann Slange

Brann Slange اتنا بڑا ہو کہ آسانی سے سب کمروں میں لے جا سکیں۔ اگر نہیں تو ایک ایکسٹرا Brannslokk Middel یا

Brann Teppe ہونا چاہئے۔

پانی لکڑی، پیپر اور کپڑے پر استعمال کیا جا سکتا ہے۔ کبھی بھی چکنائی، تیل اور لیکوئیڈ چیزوں میں پانی استعمال نہ کریں۔ یہ خطرناک ہوسکتی ہے۔ آگ لگنے کی صورت میں جب آپ آگ پر پانی ڈالتے ہیں تو پانی آگ کے اُوپر نہیں بلکہ نیچے ڈالیں یعنی جس چیز کو آگ لگی ہے اس پر ڈالیں یہ نہیں کہ اُوپر اُٹھنے والی آگ پر ڈالیں۔

Brann Teppe

Brann Teppe اس وقت استعمال کریں جب آپ دیکھیں کہ ایک چھوٹی سی آگ ہے یعنی کسی چیز میں آگ لگی ہے۔ بعض دفع کچن میں کھانا بناتے وقت دیگچی میں آگ بھڑک اٹھتی ہے تو سب سے پہلے کالے Stropper کو دونوں ہاتھوں سے کھینچیں کہ Teppe کھل جائے اور Teppe ایک سکرین (Skjerm) کی طرح اپنے اور جہاں آگ لگی ہوئی ہے اس کے درمیان میں رکھیں اور پھر اس چیز کو Brann Teppe طرح لپیٹ دیں اور اتنی دیر میں Brann Slange تیار رکھیں اور اگر دیگچی میں آگ لگ جائے تو چولہا بند کر کے اسے چولہے سے دور لے جائیں اور اس میں پانی نہیں ڈالنا چاہئے بلکہ پاؤڈر (Pulver) ڈالنا چاہئے۔

Pulverapparat

اس کی بہت سی قسمیں ہیں۔ Pulverapparat کو ہر ماہ ہلائیں کہ اس میں پاؤڈر جم نہ جائے۔ Pulverapparat 2 کلو یا اس سے اوپر کا بھی ہوسکتا ہے۔ 6 کلو والا Pulverapparat تقریباً 2 0 سیکنڈز آگ بجھا سکتا ہے۔ اس لئے ضروری ہے کہ Pulverapparat کے ساتھ ساتھ Brann Slange بھی ہر گھر میں موجود ہو۔

Pulverapparat استعمال کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ اس کی Sikring کھینچیں اور اس کے پائپ کا منہ آگ کی طرف ہو اس کے ہینڈل کو جھٹکوں میں استعمال کریں ورنہ یہ سارا پاؤڈر ایک دفعہ ختم ہو جائے گا۔ اگر کمرے میں آگ زیادہ ہے تو کمرے سے باہر چلے جائیں۔

ایک ABC Pulverapparat ہوتا ہے اور گھر میں اس طرح کا 6 کلو والا Godkjent ہونا چاہئے آگ اگر لکڑی یا تیل میں لگی ہو تو اس سے بجھ سکتی ہے۔ الیکٹرک چیزیں اس Pulverapparat سے خراب ہو جاتی ہیں مثلاً اگر یہ پاؤڈر کسی الیکٹرک چیز یعنی ٹوسٹر وغیرہ پر پڑ جائے تو وہ استعمال کے قابل نہیں رہتے۔

ایک Skummapparat ہوتا ہے۔ اس میں ''پانی بیٹ'' جھاگ ہوتی ہے جو کہ آگ کو دبا دیتی ہے۔ یعنی آگ بھڑکتی نہیں اور یہ گھر میں godkjent والا ہونا چاہئے۔ Skuymmappaxat سے Pulverapparat زیادہ بہتر ہے۔

لکڑی ، پیپر یا لیکوئیڈ چیز میں آگ لگی ہو تو S k u m m a p p a x a t وہاں استعمال ہو سکتا ہے۔ اور Skummappaxat جہاں رکھا ہو وہاں کا ٹمپریچر 0 ڈگری سینٹی گریڈ سے کم نہ ہو ورنہ Skumm جم جاتی ہے۔

ایک c02 appaxat ہوتا ہے۔ Co2 آکسیجن سے بھاری ہوتی ہے۔ اور آگ کو زیادہ بہتر طریقے سے دبا دیتی ہے آگ کو مزید بھڑکنے کے لئے آکسیجن نہ ملے یہ سب سے اچھا طریقہ ہے آگ بجھانے کا Co2 appaxat سے آگ بجھانے کے لئے آگ کے زیادہ نزدیک جانا پڑتا ہے۔ Co2 appaxat کا Kaste lengde اتنا زیادہ نہیں ہے کیونکہ یہ بھاری ہوتی ہے۔ اس کے زیادہ استعمال کرنے سے ہمارے پھیپھڑوں کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔ کیونکہ یہ جم جاتی ہے اس کا پریشر اتنا زیادہ ہوتا ہے کہ اگر یہ ٹھیک طریقے سے استعمال نہ ہو تو آگ زیادہ بھڑک سکتی ہے۔

☆ ☆ ☆ ☆

صحت کارنر:

صحت کے میدان میں نئی ریسرچ

ایک جھلک

عمارہ ڈار مجلس نور

نیند انسان کے لیئے کیوں ضروری ہے؟

نیند انسان کے لیئے ایک ضروری وقفہ ہے۔ابھی تک مکمل طور پر یہ پتہ نہیں چلایا جاسکا کہ ہمیں نیند کی ضرورت کیوں ہے۔اس وقت تک کی تحقیق کے مطابق نیند صحت بخش ہے، بہتری پیدا کرتی ہے اور طاقت بخشتی ہے۔کم نیند کے کئی نقصانات ہیں۔ریسرچ اس بارے میں یہ بھی بتاتی ہے کہ کم نیند موٹاپے کا سبب بھی بن سکتی ہے ۔کیوں کہ انسان ضرورت سے زیادہ غیر صحت مند کھانا کھانے کی طرف متوجہ ہوتا ہے۔ وہ لوگ جو روزانہ آٹھ گھنٹے سوتے ہیں وہ ان لوگوں سے دبلے ہوتے ہیں جو کم سوتے ہیں۔ایک برطانوی تحقیق سے پتا چلا ہے کہ پانچ گھنٹے سے کم نیند سے موٹاپے کا خطرہ دوگناہ بڑھ جاتا ہے۔تحقیق ابھی تک ہمیں اس بات کا جواب نہیں دے سکی کہ انسان کتنی دیر بغیر سوئے رہ سکتا ہے۔

بہت سے لوگوں نے دیر تک جاگنے کا ورلڈ ریکارڈ قائم کرنے کی کوشش کی ہے۔ان میں سے ایک شخص پیٹر ٹرپ Peter Tripp تھا جس کا تعلق نیویارک سے تھا ۔یہ 1959ء میں 210 گھنٹے تک نہیں سویا۔یعنی تقریبا 8 دن تک جاگتا رہا۔تین دن کے بعد مضحکہ خیز صورت حال تھی۔ٹرپ زیادہ تر ہنستا رہتا تھا،اس کے علاوہ اسے غصہ کے دورے بھی پڑتے لگے اور ذہنی حالت خراب ہونے لگی۔چوتھے دن اس کو وہ چیزیں نظر آنے لگی جو موجود نہیں تھیں۔

اس کو ہر طرف کیڑے مکوڑے، چوہے اور بلی کے بچے نظر آنے لگے۔اس کے بعد اس پر پاگل پن کا دورہ پڑا اور اس کو یہ محسوس ہوتا تھا کہ ارد گرد موجود ہر شخص اس کو نقصان پہنچانا چاہتا ہے۔ہر چیز بے معنی نظر آنے لگی۔ٹرپ کبھی دوبارہ مکمل طور پر صحت مند نہ ہو سکا لیکن کچھ سال تک اس کا قائم کردہ ورلڈ ریکارڈ ضرور قائم رہا۔

دل کی ورزش بڑھاپے میں بہتر دماغی صحت کی ضمانت ہے

محققین کے خیال میں انہوں نے اس بات کا جواب ڈھونڈ لیا ہے کہ کیوں صحت مند دل بڑھاپے میں صحت مند دماغ کی ضمانت ہوتا ہے۔ خون کی نالیاں وقت کے ساتھ سخت ہوتی جاتی ہیں اور خون کے دوران پر بھی اسی طرح اثر ہوتا ہے۔ورزش سے خون کی نالیوں کی لچک برقرار رکھی جاسکتی ہے جس کی وجہ سے دل کی مجموعی کارکردگی پر اچھا اثر پڑتا ہے۔اور شاید یہ ہی ایک ایسا عمل ہے جس کی وجہ سے دماغ کی کارکردگی بہتر ہوتی ہے اور کمزور نہیں پڑتی۔

وٹامن ڈی (D)

نئی تحقیق کے مطابق صحت پر وٹامن ڈی کے اثرات محققین کے لیے حیران کن ہیں اور عام انسان کے لیئے بہت اہم ہیں۔اس کے علاوہ یہ بھی پتا چلا ہے کہ ناروے میں رہنے والے لوگوں کے خون میں اس وٹامن کی کمی ہے ۔ پہلے لوگوں کا خیال تھا کہ اس وٹامن کا کام صرف ہڈیوں کو مضبوط کرنا ہے اور بڑھاپے میں اس کا استعمال ہڈیوں کو ٹوٹنے سے بچاتا ہے۔لیکن آج ہمیں علم ہے وٹامن ڈی کے اثرات دوسری کئی بیماریوں پر بھی ہیں ۔ مثلاً دل کی بیماریاں ، ذیابیطیس ، جوڑوں کی بیماریاں، ایم ایس (MS) اور اس کے علاوہ کئی اعصابی بیماریاں۔

اس وٹامن کو کس مقدار میں کھانا چاہیئے ؟ اکثر ممالک میں اس کی روزانہ مقدار 400-800IE(10-20mikrogram) مقرر کی جاتی ہے۔یہ دو سے چار چمچے مچھلی کے تیل کے برابر ہے۔ موٹاپے کے شکار افراد کو(BMI OVER 30)اس کی زیادہ مقدار درکار ہوگی۔اسی طرح حاملہ خواتین کو اس کی ضروری مقدار ضرور استعمال کرنی چاہیئے کیوں کہ یہ فوسٹر کی اپنی جینیٹک عوامل پر بھی اثر انداز ہوتی

ہے ۔اس کے علاوہ یہ شیر خوار بچوں میں Rakitt جیسی بیماری کے خطرے کو کم کرتا ہے ۔اس بیماری کے نتیجے میں ہڈیاں بہت کمزور ہو جاتی ہیں یا بھرنے لگتی ہیں۔

ہمارے centralNervesystem کے بننے میں kalsitriol کی مقدار اہم کردار ادا کرتی ہے ۔اور یہ kalsitriol ہمارے گردوں میں اور جسم میں کئی اور مقامات پر kalsidiol بناتا ہے ۔بہت سے محققین کا خیال ہے کہ حاملہ خواتین کو یہ وٹامن 40001E(100 microgram) کی مقدار میں روزانہ استعمال کرنا چاہیئے۔

ہماری نئی دریافت یہ بتاتی ہے کہ 2000IE(50 microgram) روزانہ کی مقدار ہمارے سردیوں کے ڈی وٹامن کی مقدار کو گرمیوں کے ڈی وٹامن کی مقدار کے برابر لے آئے گی۔

دن میں پانچ منٹ کی ورزش کافی ہے

ایک نئی تحقیق سے پتا چلا ہے کہ بھاگنا دل کے لئے مفید ہے اور اس کے لیئے اتنی مشقت نہیں کرنی پڑتی ۔صرف پانچ منٹ بھاگنے کے نتیجے میں انسان دل کی بیماریوں کے خطرے کو کم کرتا ہے ۔یہ تحقیق امریکن کالج آف کارڈیالوجی نے شائع کی ہے اور اس میں 55137 بالغ افراد نے حصّہ لیا اور اٹھار اور سوسالہ افراد پر تحقیق کی گئی۔

تحقیق کرنے والی ٹیم نے دریافت کیا کہ صحت کی بہتری ایک جیسی رہی چاہے یہ افراد زیادہ دیر کے لیے بھاگے یا صرف پانچ منٹ ۔ان افراد میں جو ہفتہ میں تین گھنٹے بھاگے بہ نسبت ان کے جو ہفتہ میں ایک گھنٹہ بھاگے کوئی فرق نہیں تھا۔تھوڑی دیر کے لیے تیز بھاگنا آپ کی صحت کو اتنا ہی فائدہ پہنچاتا ہے جتنا کہ روزانہ کی پندرہ بیس منٹ کی ورزش۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆

دُعائیہ اعلانات

☆۔محترمہ صدر مجلس کلوفنتہ لجنہ کا نیا سال شروع ہونے پر اپنی عاملہ اور اپنے لئے درخواستِ دعا کرتی ہیں کہ خدا تعالیٰ ہم سب کو صحت والی زندگی دے اور خدمت دینیہ احسن رنگ اور ذمہ داری سے ادا کرنے کی توفیق دے اور ہماری نسلوں کو بھی خدا تعالیٰ دین اور دنیا کی نعمتوں سے نوازے۔آمین

☆۔محترمہ شائلہ ڈار اپنی فیملی کی صحت وسلامتی کے لئے درخواست دعا کرتی ہیں۔

☆۔محترمہ طیبہ رضوان اپنی فیملی نیز اپنے چھوٹے بیٹے کی صحت وسلامتی اور فعال زندگی کے لئے درخواست دعا کرتی ہیں۔

☆۔محترمہ ماہ منیر اپنے فیملی کی صحت اور اپنے بچوں کی دینی اور دنیاوی ترقیات کے لئے درخواست دعا کرتی ہیں۔

☆۔محترمہ نازیہ بشارت اپنی صحت اور اپنے بچوں کی دینی اور دنیاوی ترقیات اور اپنے بیٹے عدیل احمد وقف نو کے جامعہ میں جانے کے لئے درخواست دعا کرتی ہیں۔

☆۔محترمہ مبارکہ رفیق اپنی صحت اور اپنی فیملی کی صحت وسلامتی کے لئے درخواست دعا کرتی ہیں۔

☆۔محترمہ ثمینہ خواجہ اپنے شوہر اور بچوں کی صحت وتندرستی اور انکی دین و دنیا میں ترقی کے لئے دعا کی درخواست کرتی ہیں۔

☆۔محترمہ مبشرہ بشارت اپنی صحت یابی اور بیٹی کے لئے کہ اللہ اسے دین اور دنیا دونوں میں ترقی کے لئے دعا کی درخواست کرتی ہیں۔

☆۔محترمہ امتہ الرؤف اپنے شوہر اور بچوں اور بچوں کے بچوں کے لئے دعا کی درخواست کرتی ہیں۔

☆۔محترمہ نبیلہ طیب اپنے شوہر اور بچوں کے لئے دعا کی درخواست کرتی ہیں۔

☆۔محترمہ امتہ السلام عقیل اپنے شوہر اور بچوں کے لئے دعا کی درخواست کرتی ہیں۔

☆۔محترمہ شمع راحیلہ مجلس بیت النصر اوّل کی عاملہ سمیت سب ممبرات کیلیئے دعا کی درخواست کرتی ہیں کہ اللہ تعالیٰ ہمیں صحیح رنگ میں خدمت دین کی توفیق عطا فرمائے۔آمین

☆۔محترمہ صالحہ مدثر صدر مجلس تھوئین عاملہ سمیت سب ممبرات کے صحیح رنگ میں صحت وتندرستی کے ساتھ خدمتِ دین بجالانے کے لئے درخواستِ دعا کرتی ہیں۔

پکوان:

ٹماٹر کا سالن

اجزاء:

ٹماٹر	6 عدد
ہری مرچ	4,5 عدد
رائی	چٹکی بھر
زیرہ	ایک کھانے کا چمچہ
ثابت لال مرچ	6,8 عدد
نمک	حسب ضرورت
ہلدی	آدھا چائے کا چمچہ
پسی لال مرچ	آدھا چائے کا چمچہ
پسی کالی مرچ	آدھا چائے کا چمچہ
کڑی پتہ	بگھار کے لیے
تیل	حسب ضرورت

ترکیب: ۔سب سے پہلے ٹماٹر کو ابال کر چھلکا اتار لیں۔ پھر ٹماٹروں کو ہری مرچوں کے ساتھ پیس لیں۔ پھر تیل گرم کر کے رائی، زیرہ ثابت لال مرچ اور کڑی پتہ شامل کریں۔ جب بگھار تیار ہو جائے تو اس میں ٹماٹر اور ہری مرچ کا پیسٹ ڈال دیں اور ساتھ ہی نمک، ہلدی، لال مرچ اور کالی مرچ ڈال کر جوش دیں، تھوڑی بعد چولہا بند کر دیں۔ اور سادہ چاول کے ساتھ خود بھی کھائیں اور دوسروں کو بھی پیش کریں۔

(نوٹ) بچے ہوئے سالن کو فریج میں رکھ دیں اور جب دوبارہ کھانے کے لیے گرم کرنا ہو تو چولہے پر گرم کریں۔ مائیکروویو کا استعمال اس کا مزہ کم کر دے گا۔

(سرور مبارک مجلس لاماشتر)

چکن کیری

اشیاء:

چکن	ایک عدد
سبز مرچ	تین عدد
آئل یا سمور	ایک پیالی
ہرا دھنیا	ضرورت کے مطابق
دہی	ایک پیالی
لیموں	ایک عدد
پیاز	دو عدد
لہسن	ایک گٹھی
ادرک	دو ٹیبل سپون (پسا ہوا)
ہلدی	آدھا ٹی سپون
پپیتا	ایک ٹیبل سپون
خشخاش	آدھا کپ (پسی ہوئی)
گرم مصالحہ	ایک ٹیبل سپون (پسا ہوا)
کھوپرا	آدھا کپ (پسا ہوا)
مونگ پھلی	آدھا کپ دانے
نمک اور سرخ مرچ	حسب ذائقہ

ترکیب: ۔ پپیتا پیس کر چکن کے ٹکڑوں پر لگائیں اور آدھا گھنٹہ تک پڑا رہنے دیں۔ ایک دیگچی میں گھی گرم کر کے پیاز کو فرائی کریں۔ پیاز فرائی ہو جائے تو چکن ڈال دیں اور چند منٹ فرائی کریں۔ دہی پھینٹ کر اس میں پسا ہوا کھوپرا، پسی ہوئی خشخاش، پسی ہوئی ادرک اور لہسن، سرخ مرچ، نمک، ہلدی، ملا دیں اور اسے چکن کے اوپر ڈال کر ایک کپ پانی ملا لیں اور ہلکی آنچ پر پکنے دیں۔ جب دہی کا پانی خشک ہو جائے تو بھون لیں۔ لیموں کا رس، ہرا دھنیا، اور ہری مرچ چھڑک دیں۔ پیش کرنے سے پہلے مونگ پھلی کے دانے کچل کر چھڑک دیں۔ گرم مصالحہ ڈال کر پیش کریں۔

رضوانہ کوثر (مجلس لاماشیتر)

اردو ہے جس کا نام ہمیں جانتے ہیں داغ
سارے جہاں میں دھوم ہماری زبان کی ہے

نبیلہ رفیق مجلس درامن

حدیث شریف میں آتا ہے کہ ''وطن کی محبت ایمان کا حصّہ ہے۔'' وطن سے محبت کا ایک عنصر قومی زبان کا علم حاصل ہونا بھی ہے۔ کسی بھی معاشرے اور تہذیب کے باسیوں کو اپنے ماحول میں سب سے زیادہ محبوب چیز زبان ہوتی ہے۔ یہ وہ چیز ہے جو بچے کو ماں باپ کی نعمت کے بعد ہوش سنبھالتے ہی بافراغت میسر ہوتی ہے۔ اور جس کا گہرا تعلق اس کے والدین کے ساتھ ہوتا ہے۔ کیونکہ ماں باپ سب سے زیادہ بچے سے اسی زبان کے الفاظ استعمال کر رہے ہوتے ہیں۔ جوں جوں بچے کا شعور بیدار ہوتا جاتا ہے۔ غیر محسوس طریقے سے گھر میں بولنے والی زبان سے اسکی محبت اور انسیت بڑھتی جاتی ہے۔ پھر جوں جوں وہ بچہ عمر اور شعور کی منزلیں طے کرتا چلا جاتا ہے۔ اپنی زبان سے بھی اس کی محبت بڑھتی چلی جاتی ہے۔ اس محبت کا اظہار کوئی اعلان کر کے نہیں کیا جاتا۔ بلکہ یہ ایک پودے کی طرح اندر ہی اندر نشونما پاتا رہتا ہے۔ ایک وقت آتا ہے جب یہ محبت ضرورت میں بدل جاتی ہے۔

جب انسان کو اس بات کی آگہی ہو جاتی ہے کہ اپنے ماحول اور اپنے ماں باپ کی زبان ہی ایسا ہتھیار ہے۔ جس کے علم نے اسے دوست، احباب، تعلیمی اداروں اور دوسرے شعبہ جات میں ممتاز رکھنا ہے۔ بلکہ اس انا پرست، مادیت پرست کے ماحول میں ایک زبان کی دولت ہی تو ہے جو اپنی ہوتی ہے۔ قومی زبان اور ادبیت ہی تو ہوتی ہے جو اونچ نیچ کا سارا فرق مٹاتے ہوئے نشیب و فراز کو آپس میں ملاتی ہے یہی وہ تہ خانہ ہوتا ہے جس میں کسی قوم اور تہذیب کا تمام ماضی دفن ہوتا ہے۔ جس سے زندہ قومیں اپنے مستقبل کو روشن رکھنے کی کوشش کرتی رہتی ہیں۔

اس سلسلے میں ہمارے سامنے بہت سی ایسی قوموں کی مثالیں ہیں جنھوں نے اپنی زبان کو عزت و توقیر دی۔ یہی نہیں بلکہ دوسری دُنیا کے سامنے بھی اسے اونچا رکھنے کی سعی کرتے رہے اور ان کے سامنے اپنی زبان کا جھنڈا ہمیشہ اونچا رکھا۔ انگریزوں کی اپنی زبان سے محبت اور اسے عزت دینے کی سب سے بڑی مثال ہمارے سامنے ہے۔ وہ اپنے ڈرامہ نویس شیکسپئر کو دُنیا کا سب سے بڑا مصنف سمجھتے ہیں۔

جس سرزمین میں ہم آج بیٹھے ہوئے ہیں۔ یہ خصوصیت اس قوم میں بھی بدرجہا اتم پائی جاتی ہے۔ اب تو پھر بھی ڈیجیٹل میڈیا کے پھیلاؤ اور کثرتِ استعمال کی وجہ سے ان لوگوں کا انگریزی زبان کی طرف رجحان بہت بڑھ گیا ہے۔ گو کہ ابھی بھی انکے اُدھیڑ عمر کے لوگ اس بات کو پسند نہیں کرتے۔

دوسری دنیا کے عربوں کو دیکھیں جن کے پاس نہ تمدن تھا نہ تہذیب، علم تھا نہ علمی اقدار کی ذرّہ برابر رمق۔ مگر اپنی زبان سے ایسی محبت تھی کہ اپنے سوا باقی ساری دنیا کو عجم یعنی گونگا کہتے تھے۔ ان کے ہاں جو بچوں کو پیدائش کے فوراً بعد مکہّ سے باہر بھیج دیا جاتا تھا۔ دوسری ماحولیاتی وجوہات کے علاوہ ایک وجہ زبان کی شفافیت بھی تھی۔ خانہ کعبہ کی موجودگی کی وجہ سے دُور و نزدیک سے زائرین وہاں آتے تھے۔ مکّہ والوں کو یہ فکر تھی کہ چونکہ کثرتِ زائرین کی وجہ سے یہاں کی زبان اتنی شفاف نہیں رہی ایسا نہ ہو کہ بچے زبان کا غلط تلفظ سیکھ جائیں۔ لہٰذا اُن کے ہاں بچوں کو باہر کے علاقوں میں بھیجنے کا رواج پڑ گیا تاکہ مکّہ کی نئی نسلیں بہتر طور پر عربی سیکھ سکیں گویا یہ سوچ ایک اُجڈ قوم کی اپنے وطن کی زبان سے محبت کی تھی۔

دُنیا کی ہزارہا زبانوں میں سے **ایک زبان اردو** نام کی بھی ہے۔ جو درجنوں دوسری زبانوں کی طرح بہت سے مراحل سے گزر کر ایک نقطے پر آ کر ٹھہری ہے۔

برِّصغیر ہندوستان میں جمع ہونے والے رنگا رنگ لوگ جن میں عربی، فارسی، بنگالی، سنسکرتی، راجپوتی، ترکی، پنجابی، انگریزی، تبّتی، کردی، پشتو، اور سندھی بولنے والے شامل تھے۔ جن میں بڑی تعداد فوجیوں کی تھی۔ چونکہ اس سے بھی کچھ صدیاں قبل عرب اپنی عربی اُٹھا کر یہاں

داخل ہو چکے تھے۔اور پھر محمد بن قاسم اور اُن کے ساتھیوں نے اپنے حسنِ اخلاق اور زبان کے ایسے جھنڈے گاڑے کہ اس زبان کے الفاظ اب باقاعدہ طور پر مقامی زبان میں شامل ہونا شروع ہو گئے۔

مغلوں کی فوجی بیرکوں میں مندرجہ بالا آٹھ دس زبانوں کے میل ملاپ نے ایک ایسی زبان وضع کر دی جسے سیانے بگڑی زبان کہنے لگ گئے مگر وہی بگڑی زبان نے بہت جلد اردو کا مکمل روپ دھار کر مغل بادشاہوں کے محلات اور دیوان خانوں کی زینت بن گئی۔ بابر، ہمایوں، اورنگ زیب، بہادر شاہ ظفر، امیر خسرو، خانِ خاناں کے بالا خانوں کے دروازے کھٹکھٹاتی ہوئی یہ اردوئے شاہی سارے ہندوستان کے ساتھ ساتھ دہلی سے پنجاب میں بھی پوری طرح قابض ہو گئی۔اور آخر کار مسلمان بادشاہوں سے اُردوئے شاہی کا لقب پانے والی ،،**زبان**،، اس مقام تک پہنچ گئی جہاں اسے اس زمانہ کے روحانی بادشاہ کی غلامی میں آنا مقدر تھا۔

عزیز بہنوں اور بچیو! یہ زبان جسے اردو زبان کہا جاتا ہے۔یہ ہماری زبان ہے۔پاکستان اور ہندوستان سے آنے والے احمدیوں کی زبان ہے یعنی یہ احمدیت کی زبان ہے۔اس سے تو ہمارا دُہرا رشتہ ہے۔ایک وطن کی محبت میں اور مادری زبان ہونے کا اور دوسرا **سلطان القلم** کے قلمِ مبارک اور دہنِ مبارک سے نکلی ہوئی پچاسی سے زیادہ کتابوں کا۔

یہ وہ زبان ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے اتنی عزت اور توقیر دی کہ وہ مسیحِ زمان کی زبان بنی اور اللہ تعالیٰ سے سلطان القلم کا خطاب پانے والے مہدیٔ موعود نے براہینِ احمدیہ جیسی تلوار اس سے صیقل کی اور پھر ایک نہیں دو نہیں پوری پچاسی کتب کا بھاری خزانہ اس زبان میں تول دیا ہے۔

ہم بڑی محبت و جوش سے حضرت مسیحِ موعودؑ کا عشقِ خدا اور عشقِ محمد ﷺ بیان کرتی ہیں مگر ہم نے بھی تو اُن سے عشق کا ثبوت دینا ہے اور وہ کیسے ہوگا۔جب خدا اور رسول کے عشق میں ڈوبی ہوئی زبان سے کتابوں کو پڑھنے کے قابل ہونگے تو تبھی اس پر عمل ہو سکے گا۔ترجے کا بہر حال وہ مزہ اور اثر نہیں جو براہِ راست حضرت مسیحِ موعودؑ کی زبان پڑھنے کا ہوتا ہے۔

اگر ہمارے احمدیہ ماحول اور کلچر میں اردو کی اتنی اہمیت نہ ہوتی تو کبھی بھی حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ پاکستان سے ہجرت کے بعد اپنے خطابات کا سلسلہ اردو میں جاری نہ رکھتے۔یقیناً اس فیصلے میں حضور انورؒ کی گہری بصیرت دُور کے بہت سے فوائد دیکھ رہی ہوگی۔

حضرت مصلح موعودؓ کی زیرک نگاہیں بھی اردو زبان کا جماعت میں استعمال اور اس کی افادیت پر کھ رہی تھیں جبھی تو انہوں نے انوار العلوم جلد 12 صفحہ 70 میں فرمایا کہ:''احمدیت کی وجہ سے اردو زبان دوسرے ممالک میں پھیل رہی ہے۔اور انشاء اللہ ایک دن ایسا آئے گا کہ پاکستان کا ہر آدمی یہ سمجھنے لگ جائیگا کہ ہمیں کسی فارن لینگوئج یا اردو زبان کے علاوہ کسی اور زبان کو ذریعہ تعلیم بنانے کی ضرورت نہیں۔''

ظاہر ہے برصغیر پاک و ہند میں رہنے اور پلنے والوں کو تو یہ یاد دلوانے کی ضرورت نہیں کہ اس زبان کی کیا اہمیت ہے اور کیوں سیکھنی چاہیے۔مگر وہ لوگ جو وہاں سے ہجرت کر کے دوسرے ممالک میں پہنچ چکے ہیں۔اور اُن کی اولادیں اُن کی مادری زبان یعنی اردو سے واقفیت حاصل نہیں کر رہیں تو یہ ایک زائد مسئلہ ہے جس کا تریاق ملنا بہت مشکل ہے۔

ماں باپ کی زبان اردو ہے۔بچہ یا بچی اردو سے واقف نہیں۔ماں باپ کو انگلش، نارویجن یا جس بھی ملک میں وہ رہتے ہیں صحیح طور سے آتی نہیں۔جس کا لازمی نتیجہ والدین اور بچوں میں باہمی دوری کا نکلتا ہے۔اردو میں ایک محاورہ ہے۔''گونگے کی زبان گونگے کی ماں ہی سمجھے گی،،

مگر یہاں یہ مسئلہ ہے کہ کوئی گونگا نہیں۔دونوں طرف ماشاء اللہ قوّتِ گویائی بھرپور ہے۔مگر زبان اپنی اپنی بولی جا رہی ہے۔بظاہر تو یہ مزاح لگ رہا ہے مگر یہ ہمارے آنے والی نسلوں کے لئے بہت پیچیدہ مسئلہ ہے۔بات صرف ماں باپ تک ہی محدود نہیں رہ جاتی شادیاں بھی تو اردو زبان دانوں سے کی جاتی ہیں۔جو شادیاں اپنے ہی ملک میں طے ہو جاتی ہیں۔اُن کے لئے تو یہ مسئلہ نہیں مگر اپنے والدین کے وطن سے آنے والے رشتے کے ساتھ مفاہمت کرنا کتنا بڑا اجہاد مانگتا ہے۔یہ وہی جانتے ہیں جن کے ساتھی اردو دان ہوتے ہیں لیکن ان کو خود اردو ٹھیک سے نہیں آتی۔

÷ ÷ ÷ ÷ ÷

اردو کا صفحہ

س: اچھی اور بری عادتو ں کو الگ الگ خا نو ں میں لکھیے۔

سچ بو لنا ---نماز پڑھنا -----لڑنا جھگڑنا ----گندا رہنا-----جھو ٹ بو لنا ----لکھنا پڑھنا ---وقت ضا ئع کر نا --- بڑوں کا احترا م ----گا لی گلوچ ----والدین کی خدمت----چھیڑ چھا ڑ-----

اچھی عادتیں	بری عادتیں

س: ان الفاظ کو غور سے دیکھیے۔

الفاظ	معنی
سدا	ہمیشہ
صدا	آواز

آپ نے دیکھا کہ ان الفا ظ کی آواز ایک جیسی ہے لیکن معا نی مختلف ہیں ۔ آپ ان جیسے مزید پا نچ الفا ظ لکھیں ۔

س: مندر جہ ذیل الفا ظ کے وا حد لکھیئے۔

جمع	واحد	جمع	واحد
سوداگروں		نعمتوں	
ساتھیوں		مکانوں	
زمیں داروں		کھلونوں	

س: بتائیے کون کیا کرتا ہے؟

چر وا ہا ________________

بھکا ری ________________

شکا ری ________________

بڑھئی ________________

پہلوا ن ________________

ڈرائیور ________________

س: خالی جگہ پُر کیجیے۔

